کافروں [illegible]
[illegible] مسلمان [illegible]

۱۷۶

[illegible] ہما
[illegible] سلطان [illegible]
[illegible] آلِ رسولؐ [illegible]
[illegible] اولاد [illegible]
عاشق صادق [illegible] منقبت [illegible]
نسل [illegible] آل [illegible] اوصاف [illegible]

تاریخ ختم تصنیف مرثیہ ہذا ۱۱۔ جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۷ ہجری
جو پڑھے مصنف کے لئے دعا کرے

رباعی

تعریف ہے یہ پیمبری پھولوں کی
توصیف و ثنا ہے حیدری پھولوں کی
میں پڑھتا ہوں مدح صادقِؑ آلِ رسولؐ
مجلس میں مہک ہے جعفری پھولوں کی

رباعی

حاصل ہوئی شبیر کی سرکار مجھے — دُربار جو ہی ملا وہ دَربار مجھے
میں مخبر صادق کا ہوں مداح خبیر — قرآن و خبر سے ہی سروکار مجھے

دیگر

اسلام کی کشتی کے سہارے ہیں حسین — ایمان کی منزل کے ستارے ہیں حسین
ہم جیسے حسینیت حسین اُس کے ہیں — کہتی رہے دنیا کہ ہمارے ہیں حسین

مرثیہ ۹

ہفت آئینہ گردوں میں جلا کس کی ہے

تعداد بند (۱۲۶)

در حال امام موسیٰ کاظمؑ

مصنّفہ

سید سرفراز حسین رضوی خبیر لکھنوی

مطبوعہ

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

زیارت حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ
السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُورَ اللهِ فِي ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ
السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ بَدَا لِلّٰهِ فِي شَانِهِ اَتَيْتُكَ
زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَائِكَ
مُوَالِيًا لِاَوْلِيَائِكَ فَاشْفَعْ لِي عِنْدَ رَبِّكَ
يَا مَوْلَايَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ
مَوْضِعَ الرِّسَالَةِ وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ وَ
مَهْبَطَ الْوَحْيِ وَمَعْدِنَ الرَّحْمَةِ وَخُزَّانَ
الْعِلْمِ وَعِتْرَةَ خِيَرَةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ
رَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

تاریخ ولادت ۷ صفر ۱۲۸ھ — تاریخ شہادت ۲۵ رجب ۱۸۳ھ

مدفن کاظمین بغداد

۱

ہفت آئینہ گردوں میں جلا کسکی ہے
سر میں سیاروں کے دھن صبح و مسا کسکی ہے
ساتوں اقلیم میں دنیا کے ثنا کسکی ہے
چشم انصاف کے گردوں میں ضیا کسکی ہے
پہلے وصف اُسکا میں قرآں کی زبانی پڑھ لوں
نام لیتا ہوں ذرا سبع مثانی پڑھ لوں

۲

للہ الحمد یہ کس مدح و ثنا کا ہے اثر
چرخ ہفتم سے سخن کی ہے زمیں بالاتر
حسن تحریر کے وارفتہ ہیں جو نیک اختر
سات بار اُٹھ کے پھری گرد قلم اُنکی نظر
کعبہ میں سات قصیدے تھے جو لٹکائے گئے
اِس کے نظم میں پامال وہ بتلائے گئے

۳

سات دریاؤں کو ہے جوش طبیعت سے عجب
ہفت بند ایسے مسدس کے جو کہے ہیں ادیب
عیب بینوں کی جفا کر نہیں سکتی معیوب
حسن کو قبح سمجھتی ہے نگاہ معیوب
جاننے والوں پہ ظاہر ہے یہ کیا کہتے ہیں
جو بُرے ہیں وہی اچھوں کو بُرا کہتے ہیں

۴

بزم اُلفت میں عدو اوج کے بہت عام آئے
نشۂ کبر میں بدمستوں کے پیغام آئے
بحر افکار میں طوفان سحر و شام آئے
میری کشتی پہ وہیں نوح کے جو کام آئے
کشتیِ دل کا سمجھتا ہوں سہارا اُس کو
جب پڑی مجھ پہ مصیبت تو پکارا اُس کو

۵

ہے برابر مرے نزدیک ہر اک پست و بلند
ہو کے آزاد بھی ہوں وضع کا اپنی پابند
خاکساری کی طرف طبع ہے مائل ہر چند
متکبر کے مقابل میں تعلّی ہے پسند
ہے درست اہلِ تحقیق کے اگر رکھے پاؤں
مجھ سے جو تن کے اُٹھے اُس سے میں جھک کے چلوں

ث

جوش میں طبع رواں اک مری دریا کی طرح
آبرو دل کو ملی گوہر یکتا کی طرح
جادۂ نظم میں ضو منزلِ موسیٰ کی طرح
دائرے نور فشاں ہیں یدِ بیضا کی طرح
ایک اک لفظ میں جلووں کی فراوانی ہے
میں ہوں اور موسیٰ کاظمؑ کی ثناخوانی ہے

ک

بھر رہا ہے مری آنکھوں میں حقیقت کا چمن
کاظمین آج ہے مرے طائرِ دل کا مسکن
قبرِ جعفرِ صادقؑ کا وہ روضۂ روشن
صبحِ صادق ہے یہاں آٹھ پہر جلوہ فگن
اس فقیری میں مجھے تخت ملا تاج ملا
شکر صد شکر درِ بابِ مراد آج ملا

ش

بہلا میں اپنے مقدر پہ تفاخر کر لوں
ساغرِ دل میں مئے نورِ تولا بھر لوں
آسماں سے بھی جو مجکو نہ ملا خر لوں
ذرہ ہائے درِ شاہنشہ بحر و بر لوں
یہیں مل جائے وہ جلوہ تو میں پھر دور نہ جاؤں
ارنی کہنے کو واللہ سرِ طور نہ جاؤں

ھ

فرش جس روضہ کا ہے عرشِ معلیٰ یہ ہے
جس کے گنبد میں ہے جنت کا تجلی یہ ہے
نوبہارِ چمنستانِ تولا یہ ہے
ساتواں حق کی جماعت کا مصلا یہ ہے
ہفتمیں کہنے کو ہے سب کا ہے نظارہ ایک
دیکھئے طرزِ عبادت کو تو ہیں راہ ایک

ٹ

صبح کا موقع سماں طاعتِ ربانی کا
چرخ پر ابر کہر کی گل افشانی کا
شور ہے رحمتِ معبود کی طغیانی کا
تر و تازہ ہے شجر شوکتِ ایمانی کا
شانِ اسلامِ حقیقی کی نظر آتی ہے
کلمہ پڑھتی ہوئی بادِ سحر آتی ہے

۱۱م

میری آنکھ ہو سنیں کہ ... وسیا بان ہو ہم
شفقی اداسنگ مرے ... ہوا جو ابان ہو ہم
کام وفا ... ہو جو ... ارض تا بان ہو ہم
نقش ... ہو ... کے گلستان ہو ہم
بعد ... کیسا تا ... فلک جاتا ہے
عطر ... کیسا ... ہم ... آتا ہے

۱۲م

میرا لب ... جو ... منزل ... مرار
حضرت ... کا ... کہ ... صحرا مرار
جلیے وہ یار ... شاہ ... بار
جا کے ... بہار ... کا ابار
باغ ... ہیں ... اور ... ہیں
لو کی ... ضیا ... ہیں

ہر ... حج ... ادا ہو
جام ... ہو

۱۳م

صورت ... سرکھ ... ایسا ... بلطح
جا کے ... وشت ... سرکھ ... جلطح
صبا ... سرکھ ... بلطح
تاک ... جو ... سرکھ ... سفینوں کی بلطح
... صبا ... بڑھ ... جو
ہم ... ہو جو

نور ... شفق ... ہوا
... کلی ... ہوا

۱۴م

دو دن ... بیکسی ... ریشانی
راتیں ... ہم ... ریشانی
وہ ... دل ... ولی وفانی
جی ... ہم ... جو ... ضعیفانی
دل ... شفق ... ہم ... شبانی ... جو
جام ... ہم ... بجھائے ... جو

۱۵م

ند دو ... کش
بعد ... ہم ... ناسنا ... کم
وہ ... کیا ... لکھا ... ہو
جاجا ... جم ... بار ... بور
جنتا ... ہو ... نادان ... ہم
جو ... جام ... جابا ... ہو
و ... ابا ... ہو

۱۶

وہ قدرت نے زمیں سے وہ خزانے نکالا تھا
ڈالیوں میں رطب خستہ کے خوشنمائی بہار
جھاڑیوں میں وہ شگوفوں کے کہ اب دیکھے تو کیا
پہنے ہیں سبز نہالوں نے یہ معیش کے ہار
صنعت قدرت رب ورا دیکھی ہے
کر کے جنت کی بہار انکی دار دیکھی ہے

۱۷

آب جادہ جھلکتا ہوا جیسے موتی
سبزے سے جس کی نظر کو نہیں سیری ہوتی
کس نے چشم حباب ایسی فضا میں روتی
سبزہ سوتا ہے سبزہ کی ہے قسمت سوئی
مست صہبائے لطافت ہے یہ ہیئت زمیں
جیسے خواب کرے آپ ہو بیدار نہیں

۱۸

محفل عیش ہے زینت سے ہر اک نخلستاں
شاخوں پر چار طرف مرغ سحر زمزمہ خواں
اوس کے قطروں پہ ہے گوہر غلطاں کا گماں
پتوں میں ہے جو لطافت وہ زمردیں کہاں
ماسوا رنگ کے نسبت اسے کس بات کی ہے
یہ نباتات سے ہے اور وہ جمادات سے ہے

۱۹

طاعت حق پہ ہر اک نخل ہے آمادہ
سبزہ پھیلا ہے بچھا ہو جیسے سجادہ
راستہ روکتے ہیں جتنے شجر یہ وہی ہے جادہ
ای خبیر آپ نے دیکھی یہ بہار سادہ
دام صیاد کے دلدوز فسانے بھی نہیں
گل کی باتیں نہیں بلبل کے ترانے بھی نہیں

۲۰

سچی باتیں ہیں نہیں کوئی سنے بات سنے
ہم کو دنیا کی نہیں ہے کوئی پروا سنے
طبع کو ضد ہے کہ ذکر گل رعنا سنے
عیب کا دل چاہے ہے وہ بلبل ہی کا فسانہ سنے
ہم تو بیکار مضامین سے بری رہتے ہیں
باغ عالم کا جو منظر ہے وہی کہتے ہیں

۲۱

منطبق ہو جو تواریخ سے کہتا ہوں حال
آج ہی آپ نہیں فکر شہ نیک خصال
صبح کا وقت ہے ملاح کا دل بھی ہے نہال
حاضر صحن مقدس میں ہوں با آداب کمال
جا کے تقدیر اسی در پہ جو تکیہ کر لوں
پہلے چوکھٹ پہ تو اللہ کا سجدہ کر لوں

۲۲

کر کے سجدہ جو ہوا داخل در فخر کبار
دو اماموں کے نظر آئے وہاں مجھ کو مزار
ایک ہے موسیٰ کاظم کی تحریرِ انوار
جس کے پہلو میں ہے قبر تقی عرش وقار
کاظمین ایسے ہیں با زینت و با زیں کہوں
کیوں نہ پھر روضۂ انور کو جوادین کہوں

۲۳

دونوں پر حیدر و زہرا و پیمبر ہیں فدا
رتبہ یکساں ہے کہ دونوں ہیں امام دوسرا
جیسے قرآن و حمائل میں نہیں فرق ذرا
حال فی الحال مگر ایک ہی کا ہے لکھا
زیست باقی ہے تو غافل نہ رہے گا خادم
مرثیہ حال تقی میں بھی کہے گا خادم

۲۴

السلام اے وطن آوارہ غریب بغداد
وارث عابد بیمار اسیر بیداد
باب دیں باب عطا باب امان باب مراد
باغ زہرا کے گل تازہ علی کے شمشاد
اے بہار چمنستان پیمبر تسلیم
اے گل سرسبد گلشن جعفر تسلیم

۲۵

جعفری پھول سے تھی باغ مدینہ میں بہار
رہتا تھا خانۂ یوسف میں وہ عزت وقار
صحن پر روشنی وادی ایمن تھی نثار
فخر موسیٰ تھا یہ موسیٰ گل باغ انوار
اسکی تنویر خدا داد بھی اس نور میں تھی
اسی موسیٰ کی تجلی شجر طور میں تھی

نہ اقدس

۲۶

چشمِ اعدا میں سما سکتا تھا کیا نورِ خدا
زہر جب حضرت صادقؑ کو ستمگر نے دیا
مسند آرائے امامت ہوئے سلطانِ ہدا
دورِ منصور کا تھا زور تھا عباسیوں کا
دشمنِ باغِ شہنشاہِ نجفؑ کانٹے تھے
جعفری پھول تھا اور چار طرف کانٹے تھے

۲۷

گرچہ منصور ہی کے عہد سے تھے جور و ستم
اُسکی اولاد کا بھی ورنہ تھا ظلم کم
شوقِ سادات کُشی رکھتے تھے سب اہلِ ظلم
خاندانِ نبوی سے تھی طبیعت برہم
ظلم ایجاد ہوا کرتے تھے غداروں میں
کتنی اولادِ نبیؐ چن گئی دیواروں میں

۲۸

جب جہاں میں ہوا مہدی بن منصور امیر
یہ بھی تھا اپنے بزرگوں کی طرح پُر تزویر
ایک سال اس نے رکھا موسیٰ کاظمؑ کو اسیر
یونہی ہادی بن مہدی تھا شریر ابن شریر
عہد میں اپنے ستم اُسنے بھی ڈھائے کیا کیا
نام سادات کے دنیا سے مٹائے کیا کیا

۲۹

عہد میں اُسکے دوبارہ ہوئے شہ پھر طلب
پھر رہا ایک برس قید میں وہ عاشقِ رب
حاکمِ وقت نے یہ خواب میں دیکھا اک شب
کہ علیؑ غیظ میں فرماتے ہیں کیا یہ غضب
قتلِ سادات و فسادات پہ تیار ہوئے
تم کو دولت جو ملی اور گنہگار ہوئے

۳۰

بعد ہادی کے جو ہارون ہوا تخت نشین
اُسکے دو بیٹے تھے مامون تھا ایک اک امین
ترمیں مامون کا یحییٰ بن خالد تھا معین
دوسرے بیٹے کو جعفر کی وفا کا تھا یقین
ایسے احوال میں دربار کوئی کھیل نہ تھا
دونوں آپس میں مخالف تھے کبھی میل نہ تھا

سنه

ایکیدن آنک ای یاروان یکی سر ای
جعفر اسکی طرح ایکی سوی کاظم جزا
جز اینده سعی صفا یاروده صرا نکو بجی ا
بصیبا ایکی صفیق جمحی بیا عزیز سن ا
اسنه ینبین سل اوصیت کا یاروده ضرا ولق یا
ال حمد کا جمع آ سک یار وضین ویا

سنه

ماینزون کها صورتین اولاد علی
بایکی ایکی طیبیت انگمر آزاد کا جلی
دل ابیت کها حوکا کها وده انشقواری
یپرلسی یار سو سیعیسی کا صمیم باجلی
ال ایکیت یا صاف بار سیراریت کا رسیب
انکا وای ایکی صفو لطیف طوب صوب

سنه

کهاسن یکی صید وصفاده نیم یامنصب
ایکی نبیه بیاسل کلا یا بید ب
الفا اوسیا ایکیه یکی بیت ایکی ضیا وب
دل طلا اودر کها خصص احسنلیا اسیب
دیکها مصا باطراف ان العیبیق بید
بایکیت بیب حی سم فیلا دیب یکیدیب

سنه

سر یکی وزر بار ای یکی شمرهٔ بایکی
مکوصدیق ادا داوینیکی ابنیا ایکی
مسئله یکیبا ایکو ده سیلح حبر
سکوی کیتا ایکی ایکی جمرا سک اولی
حسن یعد سعف وعلی یکی لاعفو نکی داری
صاری جعبال امرا دار ابرتوفتا داری

سنه

دیکها باده ان حبو وضیا یاد نیب
اوللا ایکی فیلا دیکی جمیع داردا ایکی ملت
بیکی یا ایکی ایکو کی فیلا شمرا ایری ایست
بیدیکی بیا کیا ایکی ایری یار ایکی بیب
یدی ایکی یا ایکی بیدی یکی فیلا اسفیظا اواب
سدا ایکی ایکی ایلا سنا ایکی ایکی فن صاصب

سلام ۳۶

گہر افشاں ہوئی سردارِ دو عالم کی زباں
حاکمِ جسم ہے تو میں ہوں دلوں کا سلطاں
حشر میں جائینگے جب پیش رسولِ ذیشاں
ابنِ عم کہہ کے نبی کو تو پکاریگا وہاں
سب بلاتے ہیں مدد کے لیے آفت میں انھیں
میں صدا دونگا پدر کہہ کے قیامت میں انھیں

سلام ۳۷

جب سُنا یہ سخنِ فخرِ فصیحانِ عرب
دم بخود ہو گیا ہارون تھا محوِ تعجب
دلِ بدخواہ نے دی رائے یہی ہے کہ اب
چھوڑ کر مکہ مدینہ کو چلا ہے خود مطلب
فتنہ کا خوف ہے تو بھیج کے لشکر کو وہاں
قید کر لے اسدِ حیدرِ صفدر کو وہاں

سلام ۳۸

ہوا داخل جو مدینہ میں وہ ازراہِ ستم
شہر کی گلیوں سے آواز یہ آئی اُس دم
ہے یہ آرام گہِ بادشہِ عرش حشم
اس زمیں میں ہے نہاں نورِ خدائے اکرم
شور و شر کرنے میں صلا تجھے وسواس نہیں
جسکی اُمت میں ہے تو اُسکا بھی تجھے پاس نہیں

سلام ۳۹

تیری صحبت میں بہت بانیِ شر رہتے ہیں
اپنے مطلب کے لیے آٹھ پہر رہتے ہیں
مشورہ دیتے ہیں وہ حرص کے در رہتے ہیں
جس طرف رُخ ہو ہوا کا یہ اُدھر رہتے ہیں
مستِ دولت ہیں یہ سب تم سے انھیں فاقہ نہیں
ہیں یہ یارِ خوشامد سے علاقہ ہی نہیں

سلام ۴۰

باز آیا نہ ارادے سے وہ مردودِ خدا
پہلے روضہ میں پیمبر کے ستمگار گیا
قبرِ اقدس پہ سلام اور درود اُس نے پڑھا
پھر ندا دی کہ ماں باپ ہوں حضرت پہ فدا
حشر کے روز سے بالکل نہ ڈرونگا مولا
آپ کے پیارے کو میں قید کرونگا مولا

۳۱م

معذرت خواه بودن و گشتن [illegible]
آن قادر از [illegible] گناه
[illegible]
[illegible]

۳۲م

[illegible] و جلاد و [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۳م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۴م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۵م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۵۰

جب مدینہ میں امام مدنی قید ہوئے
ماہ شوال کی بستم یہ لکھی راوی نے ۳۰
ہجرت پاک کے سن ایک سو اناسی تھے ۱۷۹
ایک ہی قسم کی دو محملیں پھر منگوا کے
ایک محمل کو بپائے سید عالی رکھا
دوسری کو ستم ایجاد نے خالی رکھا

۴۹

آئے جب سامنے حاکم کے شہنشاہ عرب
سخت لہجہ میں ستمگر نے کہا جو بغضب
بیاں کرنے سے قاصر ہوں کہ اتنا ہے ادب
ظلم سے کام لیا کیوں نہ ہوا کاظم تھا لقب
غیظ سے اس نے نہ جن و ملک کو دیکھا
آپ خاموش رہے اور فلک کو دیکھا

۴۸

یہ اشارہ تھا کہ اے جد گرامی تسلیم
دیکھئے آپکی امت نے کئے ظلم عظیم
روئے سب سنکے یہ فریاد شہنشاہ کریم
خوف حاکم سے نہ تھا کوئی مصیبت میں سہیم
شان سجاد زمانے کو دکھاتے تھے حضور
بیڑیاں پہنے ہوئے راہ میں جاتے تھے حضور

۴۷

تھے وہاں بارہ اسیر اور یہاں ایک اسیر
ہاں یہ قیدی بھی تھا لیکن جناب شبیر
جانشین مخبر صادق کا امیر ابن امیر
کرکے جب قید لئے جاتے تھے حضرت کو شریر
لوگ سب حلم امام عربی دیکھتے تھے
آپ حسرت سے سوئے قبر نبی دیکھتے تھے

۴۶

فرق اتنا ہے وہاں بھوک بھی تھی پیاس بھی تھی
تپ بھی تھی درد بھی تھا رنج بھی تھا یاس بھی تھی
ننگے سر عترت محبوب خدا پاس بھی تھی نہ
گھر میں جو ثانی زہرا تھی وہ بے آس بھی تھی
تھی نہ اعدا میں حیا بد عتوں کا ذوق بھی تھا
تازیانے بھی تھے زنجیر بھی تھی طوق بھی تھا

۵۱

دونوں کے ساتھ حفاظت کو ہوئی فوج کثیر
شہر بصرہ کا جو عیسیٰ ابن جعفر تھا امیر
اس مسیحا کو وہیں بھیجدیا کر کے اسیر
لے گئے محمل خالی سوئے بغداد شریر
تھا یہ مطلب نہ کھلے کونسی سید ادہر ہیں
شاہ بصرہ میں مقید ہیں کہ یا بغداد میں ہیں

۵۲

قید ہو کر سوئے بصرہ جو چلے شاہ امم
گھر میں اک حشر ہوا زار ہوئے اہل حرم
بچے سر پیٹتے پھرتے تھے بحال پر غم
در و دیوار سے آتی تھی صدائے ماتم
کوئی کہتا تھا کہ اے سید والا تسلیم
الوداع اے شہ دیں محسن دنیا تسلیم

۵۳

ایک انبوہ تھا رستہ میں پئے سید سلام
جنگلوں جنگلوں جاتا تھا نبی صلعم کا گلفام
راہ میں ڈیڑھ مہینہ کا وہ کچھ اور مقام
پہنچے تھے ہفتم ذی الحجہ کو بصرہ میں امام
حاکم بصرہ کے گھر محفل مجوزی تھی
تین دن پہلے سے بس عید کی تیاری تھی

۵۴

نہ محرم کا تھا کچھ پاس نہ خالق کا حجاب
بزم آراستہ تھی بج رہے تھے چنگ و رباب
بھولے تھے شرع کے احکام کو دنیائے خراب
دور اسلام میں ڈھاتا تھا غضب دور شراب
نے فغاں کرتی تھی یا رب یہ قیامت کیا ہے
ہاتھ ملتا تھا جلاجل کہ یہ آفت کیا ہے

۵۵

حاکم بصرہ اسی رنگ میں تھا متوالا
اک ملازم نے دیا لاکے جو خط ہارون کا
پڑھ کے مضمون یہ کہنے لگا وہ بیچارا
گوشۂ قصر میں ہے ایک اندھیرا حجرا
صحبت قبر جو تاریک ہے ایسا گھر دو
جاؤ محبوس وہیں گوشہ نشیں کو کر دو

۵۶

داخل حجرہ ہوا قلعہ کشا کا دلدار
کھلتا تھا آٹھ پہر میں در زنداں دو بار
صبح کو بہر وضو شب کے لیے یار دیا
چند لمحوں کے لیے شب کو برائے افطار
کیوں نہ اس ظلم و ستم سے ہو کلیجا پانی
صرف دو نان جویں ایک کٹورا پانی

۵۷

آٹھ دن قید رہا مخزن ہر علم و کمال
ماہ کامل ہوئے بڑھ بڑھ کے جو ناخن تھے ہلال ؎
سنبل گلشن اسلام بنے سر کے جو بال
آگئی یاد و دبیر سخن آرا کی مثال
طول گیسو کا اسیری میں کچھ طور ہوا
سلسلہ بخشش امت کا دراز اور ہوا

۵۸

اک غلام حبشی پر تھی یہ تاکید مدام
ناظر حال رہے قید میں تو صبح کر شام
آکے ہر روز وہ کرتا تھا یہ حاکم سے کلام
اے امیر ایسے ہی ہوتے ہیں دو عالم کے امام
کونسا جرم کیا جسکو یہ ایذا دی ہے
یوسف آل نبی ثانی سجاد ہے یہ ؏

۵۹

شکوے کا نام نہیں اسکی زباں پر اصلا
اللہ الحمد و للہ الشکر کی آتی ہے صدا
کام اوراد و وظائف ہی سے ہے صبح و مسا
کبھی قرآن کی تلاوت کبھی خالق سے دعا
اپنے معبود سے کرتا ہے وہ ایسی باتیں
ہوتی ہیں عاشق و معشوق میں جیسی باتیں

۶۰

سجدے کا طول بتاتا ہے یہ وقت نماز
نذر دیتا ہے کوئی سر کو سر محفل ناز
کھلتا ہے وقت دعا ہونٹوں کی جنبش سے یہ راز
کہ ہیں معشوق حقیقی سے سخنہائے نیاز
کچھ بناوٹ نہیں اس میں یہ شرف ذاتی ہے
بیڑیوں سے بھی صدا صلوات آتی ہے

؎ ماہ کامل سے مشابہ ہوئے ناخن کے ہلال

؏ یہ مصرع شاید میر انیس صاحب کا ہے۔ خبیر ۱۲

۶۱

حبشی ہوں میں مرا قلب بھی ہے غیرتِ طور
اس طرح پڑھتا ہے قرآن وہ اللہ کا نور
ہو گئی دل سے مرے جہل کی ظلمت کافور
میں ہوا بندہ بے دام امام جمہور
منتخب سارے زمانے میں محبت کرلی
دل نے دلبند ید اللہ کی بیعت کرلی

۶۲

ایک تو ہے ہمہ وقت اُنکو عبادت ہی کا کام
عمر بھر کو ہوئی فرصت تو بوقت آرام
لب پہ جز قاضی حاجات نہیں اور کلام
ہو کے خوش کہتا ہے وہ موسیٰ طور اسلام
کنج عزلت میں ہے ہر بات کا سننے والا
تو ہے بندوں کی مناجات کا سننے والا

۶۳

مجکو مدت سے تمنا تھی یہ تجھ پہ ہے عیاں
کرلے بہر عبادت کوئی خلوت کا مکاں
مرے ماں باپ فدا تجھ پہ کہ نکلا ارماں
گھر جو مانگا تھا ملا شکر میں قاصر ہے زباں
بہتر اس قصر سے دنیا کی مجھے سیر نہیں
میں ہوں اور میرا خدا اور کوئی غیر نہیں

۶۴

جبکہ دربار میں حاکم نے سنی یہ تقریر
دیکھا سب روتے ہیں محفل میں صغیر و کبیر
خود بھی مسند سے وہ اُٹھ بیٹھا بحال تغییر
خدمت شاہ میں آیا پئے عفو تقصیر
رو کے بولا مرا جرم اے شہ والا بخشا
بخوشی کہہ دیا اب تک جو کیا تھا بخشا

۶۵

خدمت شاہ سے پلٹا جو مشرف ہو کر
خط میں ہارون کو لکھا کہ یہ سچی ہے خبر
با خدا موسیٰ کاظم سا نہیں اور بشر
باز آ اپنے ارادے سے اب اللہ سے ڈر
بے گنہ کو نہ سزا دے کہ گنہگار ہو تو
میں رہا کرتا ہوں اب اُنکو خبردار ہو تو

۶۶

پڑھ کے اس نامہ کو ہارون بہت گھبرایا
ظلم تازہ ستم ایجاد نے پھر دکھلایا
واں سے مظلوم کو ظالم نے یہاں بلوایا
۳۴ ہائے بغداد میں شبر کا مسافر آیا
ہر طریقہ سے اسیری کی بلا ساتھ ہوئی
کوچ بصرہ سے کیا جب تو قضا ساتھ ہوئی

۶۷

ہوئے بغداد میں جب داخل زنداں مولا
پہلے فضل ابن ربیع آپ کا درباں ہوا
تھا یہ قدغن نہیں تکلیف میں شاہ والا
یاں تو بیکس پہ تشدد رہا بصرہ سے سوا
ہو گیا خون مباح آپ کا پانی کی طرح
کٹ گئی قید میں پیری بھی جوانی کی طرح

۶۸

حکم دیتا تھا یہ دربانوں کو ہارون عنید
دیکھو اس موسیٰ کے مہماں پہ رہے ظلم شدید
جو اسے قتل کرے ہے مرے نزدیک سعید
فضل نے کہدیا مانونگا نہیں تاکید
لاکھ ناراض ہے حاکم خود سر مجھ سے
قتل ہوگا نہ جگر بند پیمبر مجھ سے

۶۹

سنتے ہی فضل کی حالت ہوا برہم وہ شقی
متعلق ہوئی یحییٰ سے حراست شہ کی
کر گیا نقل مکاں دلبر زہرا و نبی
ایک ارخانۂ کہنہ میں جگہ شہ کو ملی
خاص یحییٰ کا غلام آپکا درباں ہوا
وہ بھی حضرت کا شرف دیکھ کے قرباں ہوا

۷۰

قید میں رنگ عبادت کے چمن کا تھا عیاں
باغ لاہوت کا اک پھول تھا سجدہ کا نشاں
لاغر اتنا ہوا تھا مالک گلزار جناں
حالت سجدہ میں تھا دیکھنے والوں کو گماں
طاعت حق میں یہ جبرئیل کا شہزادہ ہے
یا کہ چادر ہے سر خاک جو افتادہ ہے

[illegible]

جانبِ اطفال [illegible] ساتھ ہی وہ دوڑا گھر
آنا جلدی کا [illegible]
[illegible]

۸۰

اوجِ اقبال پہ ہے اخترِ تقدیرِ بہار
دامنِ کوہ پہ کھینچی گئی تصویرِ بہار
بڑھ کے جانے لگی گردوں پہ تنویرِ بہار
موج نے ہوگئی گلِ تر بنگئی زنجیرِ بہار
کہیں بڑھنے دیا پودوں کو کہیں روک دیا
جب بڑھی حد سے کوئی شاخ وہیں روک دیا

۷۹

قدرتی چشمے اُبلتے ہیں کہ پانی کا وہ زور
ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں وہ گھٹائیں گھنگھور
لالہ کو دیکھ کے مرغانِ نوا سنج کا شور
آنکھیں کھلجائیں ابھی آئے اگر نرگسِ کور
گل مہکتے ہیں پرندوں کے فسانے سن کر
چٹکیاں غنچے بجاتے ہیں ترانے سن کر

۷۸

مست ہوں دل پہ مرے کیف ہے کیوں ہو طاری
وہ بہار اور ہر اک سمت وہ چشمے جاری
پتیاں ہر گلِ خود رو کی وہ پیاری پیاری
پیکرِ کوہ میں سبزہ کی قبا زنگاری
دامنِ سبز پہ قطرے جو پڑے باراں کے ہیں
جا بجا سوزنِ قدرت نے گہر ٹانکے ہیں

۷۷

کوہ پر جب گلِ ریاں کی سواری آئی
اُٹھ کے رحمت کی گھٹا حدِ نظر تک چھائی
بنگیا شیشۂ صہبا فلکِ مینائی
آگئی ابرِ قدح نوش کو اب انگڑائی
ایک ہوتے نظر آئے مہ و ماہی مجھکو
ساقیا حشر ہوا آئی جماہی مجھکو

۷۶

کرکے بند آنکھیں جو کھولیں تو ہوا دل پُر نور
اُس جبل پر گئے مولا کہ جو تھا غیرتِ طور
موسیٰ آلِ محمد نے کیا واں جو ظہور
ارنی کہہ کے بڑھے کوہ کے ساکن مسرور
خبر آمد غش روئے پُر انوار نے دی
لن ترانی کی صدا حسن ضیا بار نے دی

۲۸۱

شاداں ہے غنچے میں کچھ دل ہی تأسف ہی نہیں
سبزہ بیگانوں کا محتاج تلطف ہی نہیں
بے تصنع وہ سجاوٹ کہ تکلف ہی نہیں
دست قدرت کے سوا اور تصرف ہی نہیں
دامن حسن میں پھولوں کی بسر ہوتی ہے
چاک کرتے ہیں گریباں تو سحر ہوتی ہے

۲۸۲

ہے کہیں برگ و بار کی دُرافشانی
کہیں سبزے نے بچھا رکھی ہے چادر دھانی
قوت نامیہ بڑھ گئی یہ طغیانی
سنگ خارا کا جگر توڑ کے نکلا پانی
یہ تری کیسی لب کوہ ہے پیدا ساقی
جیسے شیشے سے چھلک اٹھی ہے صہبا ساقی

۲۸۳

ساقیا آج ہر کوہ اُٹھے بادۂ ناب
صورت حضرت موسیٰ ہو نہ بیہوش شتاب
ذکر فرہاد سے کیا کام وہ تھا خانہ خراب
دل کو شیریں کی نہیں عشق ہے مجھ کو تو شراب
خوشتر از فکر مے و جام چہ خواہد بودن
تا ببینم سرانجام چہ خواہد بودن

۲۸۴

رو ارنی کا جو دستور نظر آتا ہے
چشم میخوار میں ہر انگور نظر آتا ہے
شیشہ اک دیدۂ مخمور نظر آتا ہے
جام مے قبّۂ طور نظر آتا ہے
کوہ پر دیکھ کے پھولوں کے کٹورے ساقی
مجھ سے بڑھنے لگے ہیں آنکھ کے ڈورے ساقی

۲۸۵

مست ہے گلشن اعجاز میں کر تحلیل
تو بھی کہہ دے کہ مئے عرفاں کی کرو سبیل
آتش تر سے کلیجہ ہو خنک کرو سبیل
پھول بن جائے یہ آگ اے گل گلزار خلیل
جب سے کھلے کوئی کلی ساغر گل بن جائے
خار حسرت چمن خلد کا گل بن جائے

٣٨

٨٦

پیرِ ساقی ہی سے دریا فشانی سیکھی
ابرِ تر نے صفتِ فیض رسانی سیکھی
بلبلِ سدرہ نے بھی زمزمہ خوانی سیکھی
لبِ میخوار نے اعجاز بیانی سیکھی
نظم صاف آئینۂ حسنِ حقیقت ہی سہی
خیر اعجاز نہیں ہے تو کرامت ہی سہی

٨٧

درسِ عرفاں کی ہوئی بابِ علی سے تکمیل
اسی مکتب سے کیا علمِ ولایت تحصیل
کیوں نہ پھر دوں ابھی اپنے سخن کی تمثیل
ایک استاد کا شاگرد ہوں میں اور جبرئیل
وہ بھی میری ہی طرح بابِ شہِ دیں کے ہیں
ہے یہی بات مگر کہنے سے جو وہ لکھتے ہیں

٨٨

مست جبرئیل ہیں پڑھتا ہوں میں ساقی نامہ
شورِ مدحت سے مچا ہے وہ جو تھا ہنگامہ
بن گیا ہے جو قلم مے کی پری رنگیں خامہ
شاہدِ نظم نے پہنا ہے گلابی جامہ
سرخرو ہو کے عجب پایۂ رفعت پایا
مدحتِ ساقیِ کوثر میں یہ خلعت پایا

٨٩

ساقیا نشۂ الفت میں جو ہم چور ہوئے
رند مشرب تری توصیف سے مشہور ہوئے
چمکے جب داغِ جگر صاعقۂ طور ہوئے
دل میں چھالے جو پڑے دانۂ انگور ہوئے
یوں ترے ہجر میں روئے ہیں شرابی ساقی
ہو گئی اشکوں کی رنگت بھی گلابی ساقی

٩٠

شکر صد شکر گیا دل سے غبارِ ہم و غم
اسد اللہ و ید اللہ ہے تو حق کی قسم
کج نہیں تیرے ہی فرزند کے جھکتے ہیں قدم
ہو گئی آلِ نبی نورِ خدا شمعِ حرم
ہوگی حاصل دلِ مضطر کو تسلی دیکھیں
گر نہیں موسیٰ ہے موسیٰ کی تجلی دیکھیں

۹۱

ہیں سرِ کوہ باعجازِ امامِ والا
کر کے چشمے سے وضو قبلۂ دین و دنیا
آئے سجادۂ طاعت پہ پڑھی صبح کی قضا
باندھی نیت تو کھلا عقدۂ اسرارِ خدا
جز خلوص اور نہ تھا کوئی عبادت میں شریک
ہوئے چالیس بشر آکے جماعت میں شریک

۹۲

پڑھ چکے قبلۂ کونین جو خالق کی نماز
عرض کی ابنِ مسیب نے کہ اے بندہ نواز
یہ جگہ کونسی ہے کون ہیں یہ اہلِ نیاز
لبِ اعجاز سے گویا ہوئے سلطانِ حجاز
قاف کے نام سے جو کوہ ہے موسوم یہ ہے
ہیں یہ خاصانِ خدا خوبی معصوم یہ ہیں

۹۳

بعد ازاں بند کیں اور کھولدیں آنکھیں فورن
وہی بغداد کا زنداں تھا وہی اگلی زن
وہی زنجیر وہی طوق وہی رنج و محن
وہی زنداں وہی ایذا و ستم کا قدغن
شکر فرماتے تھے پر روح جو گھبراتی تھی
نہ ہوا آتی تھی حجرے میں نہ دھوپ آتی تھی

۹۴

تھا اسی قید میں اک امتِ عاصی کا شفیع
حاضرِ خدمتِ اقدس جو ہوا ابنِ ربیع
عرض کی پیشِ خدا آپکا رتبہ ہے رفیع
حاکمِ وقت نے بلوایا ہے اے حق کے مطیع
دشمنِ آلِ شہنشاہِ نجف بیٹھا ہے
کرکے سر کاٹنے کو تیغ بکف بیٹھا ہے

۹۵

کہکے بسم اللہ اُٹھا حافظِ اسمائے خدا
زیرِ لب آپ نے آہستہ پڑھی ایک دعا
پھیر کر ہاتھ رُخِ پاک پہ حضرت نے کہا
وہ نگہبان ہے میرا نہیں ڈر مجھکو ذرا
فضل کے ساتھ وہ منصوص من اللہ چلا
محفلِ حاکمِ باطل میں حق آگاہ چلا

۹۶

فضل دربار میں آیا مع فضل داور
دیکھتا کیا ہے شقی کانپ رہا ہے تھر تھر
عرض کی آئے ہیں فرزند جناب جعفر
ابن عم کہہ کے پکارا شہ دیں کو خود بر
تا بہ مسند بصد اعزاز وہ لایا شہ کو
مرحبا کہہ کے قریب اپنے بٹھایا شہ کو

۹۷

ڈالکر ہاتھ گلے میں یہ پکارا مغرور
حق یہ ہے وارث اورنگ خلافت ہیں حضور
کیوں مرے پاس نہیں آتے امام جمہور
شہ نے فرمایا کہ تو تشنۂ دنیا ہے جو
ہم فقیروں کو نہ دولت سے نہ شاہی سے غرض
قید میں بھی ہے فقط یاد الٰہی سے غرض

۹۸

پانی پانی ہوا یہ سن کے وہ حق کا دشمن
جعفری گل کے لئے عطر منگایا احسن
ریش اقدس کو معطر کیا کہکر یہ سخن
زینت گلشن اسلام سے کیسی ان بن
نور معبود سے بستان زمن روشن ہے
آپ سے ملت بیضا کا چمن روشن ہے

۹۹

فضل نے پوچھا یہ شخص تو جو ہے سجدۂ شاہ امم
ای امیر آگئی کیوں آپ کی طبع کریم
کی عوض قتل کے تعظیم گرفتار ستم
کہا ہارون نے بیشک ہی تعجب ہے ستم
میری آنکھوں نے عیاں حشر کا سامان دیکھا
اس محل میں ابھی انبوہ فراواں دیکھا

۱۰۰

گوشہ گوشہ سے صدا آتی تھی پیہم بیباک
پھینک دے ہاتھ سے تلوار ابھی او سفاک
ہے ارادہ تو اگر فاسد تو یہی ہوگا ہلاک
گر کے یہ قصر زمیں پر ابھی جائیگا خاک
فضل اسوقت نہیں گرچہ وہ حالت باقی
دل میں اب تک ہے مگر کا دہشت باقی

۱۰۱

بے خبر ابنِ مولا سے نہ تھا پر تقدیر
باز آیا نہ شقاوت سے رکھا پھر بھی اسیر
قتل پرور کے لئے روز نئی کی تدبیر
ہوا سازش میں یک ابنِ شاہک سا شریر
ہو چکا تھا یہی ظالم شہِ بیجاہ کا دوست
حرص حاکم نے کیا حاکمِ گمراہ کا دوست

۱۰۲

تھا نگہبان شہر دوسرا ابنِ زبیر
ایک دن کہنے لگے آپ کہ آئی ہے خبر
بعد دو روز کے حالت مری ہو جائیگی غیر
تیسرے روز سے ہے گلشنِ فردوس کی سیر
ہے ارادہ کہ مدینہ کو گزر جاؤں
اپنے فرزند کو آج اپنا وصی کر آؤں

۱۰۳

کچھ امانت مرے ہمراہ ہے پیغمبرؐ کی
اب وراثت یہی دولت ہے مرے دلبر کی
بولا دربان خوشی جو ہے شہِ بحر و بر کی
مرے ماں باپ فدا ابن ہیں اس گوہر کی
فتنہ اٹھے نہ کوئی خوف ہے مجھ کو جاں کا
قفل وا کر نہیں سکتا میں تو زندان کا

۱۰۴

مسکرایا وہ درِ علمِ نبیؐ کا دلدار
اس سے فرمایا نہیں قفل کا کھلنا درکار
دیکھ جاتا ہوں مدینہ کی طرف کو ناچار
کہہ کے یہ آنکھوں سے اوجھل ہوئے شاہِ ابرار
جس سے زندان میں رہتی تھی تجلی تو رہا
خاک پر صرف مصلّیٰ تھا مصلّی نہ رہا

۱۰۵

تھوڑی ہی دیر میں پھر ہو گیا زندان پُر نور
آ گئے اپنے مصلےٰ پہ امامِ رنجور
موت کا وقت ہے اب جان بھی ہے تن سے دور
بھیج ہارون نے کچھ زہر ملا کر انگور
رہا یہ مگر ابنِ شاہک ستمگار کے ہاتھ
کہا کھانے کے لئے شاہ سے اصرار کے ساتھ

۱۰۶

نوش کرتے تھے وہ انگور امام دلگیر
سگ ہارون وہاں پہنچا شتابا کر زنجیر
تشنے نے پھینکا اُسے آگ اور نہ کی وقت کی دیر
کھا کے وہ مر گیا کی زہر نے فوراً تاثیر
ذکر حاکم سے جو اک ستم آرا نے کیا
کہنے لگے کہ مرنے پہ جو اُس سگ دنیا نے کیا

۱۰۷

حاکم شوم کو جس وقت یہ پرچہ گزرا
جاں بلب ہو گئے ہیں نہر سے شاہ والا
بھیجے زندان میں پھر کچھ علما و فضلا
بن تامل کے بعد مکر یہ اُن سب نے کہا
لوگ کہتے ہیں کہ حاکم نے اذیت دی ہے
آپ سب دیکھ لیں حالت جو تہِ دیں کی ہے

۱۰۸

نہ کوئی جسم پہ ہے زخم نہ دُرّے کا نشاں
نہ کوئی تیر لگا ہے نہ کہیں تیغ و سناں
دست و پا دیکھیے اور نہ ہو گر ایماں
سُن کے یہ کہنے لگے بادشہ کون و مکاں
آلِ احمد پہ بڑا ظلم کیا ہے اس نے
حکم ہارون سے مجھے زہر دیا ہے اس نے

۱۰۹

مجھے ظاہر میں ہے تپ اصل میں سم کا اثر
ہو گا کل تک مرا تن سبز برنگ گلِ تر
پھول زینت پہ ہے فردوس معلیٰ کا سفر
حق و ناحق کا ہے پھر فیصلہ پیش داور
ستم و ظلم کا مہماں سزاوار نہ تھا
سبب کچھ بھی مرے کرنے کی کہ خطاوار نہ تھا

۱۱۰

کہا مسیب کا بیاں حاضر خدمت میں تھا
متغیر تھی بہت حالت سلطانِ ہدا
اُٹھ گیا تھا تنِ اقدس پہ ورم وا اسفا
مجھ سے اُس سید مسموم نے پانی مانگا
تشنگی زہر کی وہ تھی شہِ والا کے لیے
میں نے حاضر کیا پانی گلِ زہرا کے لیے

۱۱۱

آخری وقت سیب نے دیا شاہ کو کب
کر زہیوں تشنگی موت کے آفتاب
یاد آیا مجھے اک تشنہ دہن عرش جناب
پیاس سے جسکی زباں خشک تھی اور دل تھا کباب
دو شب و روز سے تھا حق کا فدا پیاسا
زیر خنجر وہ محمد کا نواسا پیاسا

۱۱۲

اک مسلماں تھا سیب شہ ہفتم کے قریں
اُس سے دیکھی نہ گئی حالت خضرہ دیں
کلمہ گویوں سے تھی بُرا ریہ کی ساری زمیں
دل بر ساقی کوثر کا نہ تھا کوئی معیں
تھا یہ دشوار کر دیں دشمن جانی پانی
تشنہ تر تیغ بھی کہتی ہے پانی پانی

۱۱۳

کُند خنجر سے کٹی حلق شہنشاہ عرب
ہے مگر واقعہ موسی کاظم بھی عجب
تیغ کے وقت جو بیتاب تھا وہ عاشق رب
کیا فرزند کو زندان میں باعجاز طلب
آیا دلبند تو سینے سے لگایا اُسکو
تھا کوئی راز جو چپکے سے بتایا اُسکو

۱۱۴

دفعتاً روح ہوئی پیکر اقدس سے جدا
باپ کی لاش پہ کہتا تھا پسر واویلا
اپنے ہی ہاتھ سے پھر غسل و کفن خود کو دیا
کیا تیار جنازہ بھی لیے دور اعدا
نہ کھلا اور کسی غیر پہ راز میت
خود پڑھی آپ نے زندان میں نماز میت

۱۱۵

یونہیں طے ہو گیا زندان میں سب امر مخیر
رہا ہمراہ غلام آپ کا اور ابن زبیر
پھر اُٹھا درد جگر حالت امام ہے غیر
کی محمد کے نواسے نے جو فردوس کی سیر
لاش پر کوئی نہ تھا اشک بہانے کیلئے
خاک اُڑتی تھی کفن شہ کو پہنانے کیلئے

۱۱۶

کون تھا اے کے ادا کرتا جو میت پہ نماز
نہ ملیں غسل و کفن رہ گیا سلطان حجاز
شادیانوں کی وہ جھنکل میں چھپا نکے آواز
ظلم کے ہاتھ کئے فوج ستمگر نے دراز
نہ بچا کوئی دم دلبر حیدر کے لئے
پائمالی کی جفا سبط پیمبر کے لئے

۱۱۷

ایک بیمار پسر وہ بھی اسیر بیداد
جس طرح قید ستم میں تھا غریب بغداد
جب کبھی سنتے محب درد سے قصّہ کی روداد
لایا کچھ لوگوں کو ہمراہ وہ کچھ اہل عناد
ہائے ظالم نے نہ بیکس کا اٹھایا لاشہ
کھول کر بند کفن سب کو دکھایا لاشہ

۱۱۸

اس طرح بے ادبی کر چکا جب بدانجام
آئے مزدور اٹھانے کے لئے لاش امام
اس قدر لوٹ رہے ہیں جگر ہو سکے تھے شاہ انام
بوجھ سے جسکے نہ حمال اٹھا سکے تھے گام
بعد مرنے کے مقید تھا برابر ہے ہے
قید ہستی سے چھٹے بھی تو گرفتار رہے

۱۱۹

ساتھ اوزار لئے آئے وہاں سب حداد
بیڑیاں کاٹی گئیں اور ہوا قیدی آزاد
لے چلے پل کی طرف لاش کو وہ اہل فساد
کہتے جاتے تھے یہ ارباب ستم با دل شاد
لوگ حاکم کے مخالف کا تماشا دیکھیں
جسر بغداد پہ رکھا ہوا لاشہ دیکھیں

۱۲۰

اور اسکے بھی کہتے تھے کچھ الفاظ بعید
سخن سخت وہ [illegible] سکتے نہیں جب صاحب دیں
جب سلیمان نے سنا حال ہوا دل غمگیں
آ گیا پھینک کے دستار کو وہ اہل یقیں
چھین لی لاش وہ خود لیکے چلا روتا ہوا
سر جھکائے ہوئے منہ آنسوؤں سے دھوتا ہوا

۱۳۱

آگے آگے تھی بلند ایک منادی کی صدا
موسیٰ آلِ محمدؐ کا جنازہ اُٹھا
قید سے جانبِ فردوس گئے شاہِ ہدیٰ
سب کو لازم ہے کریں نالہ و فریاد و بُکا
لاش یہ حیدرِ کرار کے گلفام کی ہے
روح ہمراہ رواں بانیٔ اسلام کی ہے

۱۳۲

ہوگئے ساتھ جنازے کے ہزاروں دلگیر ب
لائے جب بقعہ میں لاشِ امامِ ابرار
ڈال دیا اور کفن شہ کو بصد عزّ و وقار
صرف اسمیں ہوئی تھیں اشرفیاں ڈھائی ہزار
محو تھے جن و ملک شان عبارت وہ تھی
پورا قرآن تھا تحریرِ طہارت وہ تھی

۱۳۳

دفن بیکس کو کیا عزت و توقیر کے ساتھ
تھی مگر بے کفنی لاشۂ شبیر کے ساتھ
برچھیاں سمجھے تھے جائز تنِ دلگیر کے ساتھ
کیا شقاوت تھی نہیں صاحبِ تطہیر کے ساتھ
قبر کیسی یہ ستم سیدِ مظلوم پہ تھے
سُمِ رہوار کے کل لاشۂ معصوم پہ تھے

۱۳۴

اک یہ تحریر ہے علامہ دربندی کی ع
جب گرا خاک پہ رہوار سے لعلِ نبی
خیمے سے نکلی جگر گوشۂ زہراؑ و علیؑ
ڈھونڈھنے سے بھی نہ لاشِ شہِ مظلوم ملی
رو کے کہتی تھی کہاں ہو مرے سبطِ پیمبر بولو
لٹ گئی آئی ہے بہن آئی ہے برادر بولو

۱۳۵

سنگ بھی لگ گئے کھانے کو نہیں جن کا شمار
مقتلِ شاہ میں تھا پتھروں کا انبار
جذبِ دل نے وہیں پہنچا دیا با آہِ فگار
اُسکے جب ڈھیر ہٹایا تو کہی عاشقِ زار
پتھروں میں ہے وہ لعلِ مدنی واویلا
بن میں مظلوم کی لاش ہے غریبی واویلا

ع سعادات ناصریہ مؤلفہ علامہ دربندی علیہ الرحمۃ مطبوعہ مطبع محمد حسین تبریزی ص ۴۹۵ سطر ۱۲ لغایۃ ۱۲ بزبان فارسی پہلے یہ روایت انہوں نے یہ روایت اپنی کتاب اسرار الشہادت میں لکھی ہے وہ کتاب عربی میں ہے جبیر ۱۲

سلام

[illegible]

بفضلہ تصنیف مرثیہ ہذا بتاریخ ۱۷ جمادی الاول ۱۳۵۳ھ
باختتام رسید

ربا عی

مشہور ہے ذوالفقار شمشیروں میں — چمکے وہ تو کچھ خوشی ہو دل گیروں میں
سجادؑ کا غم موسی کاظم کا ملال — جکڑا ہوں خبیر ڈھری زنجیروں میں

مرثیہ ۱۰

فردوس کی ہوا مرے باغ سخن میں ہے

تعداد بند (۱۲۱)

درحال امام رضا علیہ السلام

مصنّفہ

سید سرفراز حسین رضوی خبیر لکھنوی

مطبوعہ نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

زیارت حضرت امام رضا علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا غَرِیْبَ الْغُرَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا شَمْسَ
الشُّمُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَنِیْسَ النُّفُوْسِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْمَدْفُوْنُ بِاَرْضِ
طُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مُغِیْثَ الشِّیْعَةِ وَالزُّوَّارِ
فِیْ یَوْمِ الْجَزَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا الْحَسَنِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ فَاشْفَعْ لِیْ

تاریخ ولادت ۱۱ ذلقعدہ سنہ ۱۵۳ھ شہادت ۲۳ ذیقعدہ سنہ ۲۰۳ھ

جائے دفن مشہد مقدس
خراساں

۲۸۶

۱

فردوس کی ہوا ہے باغ سخن میں ہے
خوشبوئے ہشت خلد دماغ سخن میں ہے
(دیوانہ جنتوں کی دماغ سخن میں ہے)
نور جبین حور چراغ سخن میں ہے
صہبائے سلسبیل ایاغ سخن میں ہے
ہے جوش مے طبع لطافت بہشت میں
لہرا رہا ہے چشمۂ کوثر بہشت میں

۴۹

۲

دریائے فکر کی یہ روانی ہے ورنہ خود
ملتا نہیں ہے بحر فصاحت کا دُر ڈھونڈ
دیکھے یہ چشم صاف تو بینا ہو چشم کور
اللہ کرے جسکو تو ہی بس کس کا زور
اس لامکاں کا نور یہیں جلوہ گر ملا
سب کچھ ملا جو آل محمد کا در ملا

۳

یہ در وہ ہے فقیر جہاں ہوگئے امیر
اس در کا جو گدا ہے وہ ہے آسماں پر
خاکستاں کی خاک کے ذرے ہیں مہ منیر
تکیے کے ہوگئے ہیں جو کھٹے ہیں خیر
جام مے ولا سے جو سرشار ہوگیا
دل ہمنوائے بوذر و عمار ہوگیا

۴

اتنا نہیں ہے بوذر و عمار پہ ہجوم
لیکن اسی گلی کا ہوں ہو کچا ہوا فقیر
بازو جو ہے نبی کا وہ اپنا ہے دستگیر
مداح آل فخر صادق ہوا فخیر
دامن میں ان کے رحمت حق کچھ گیا ہے
جز داں میں جس طرح سے خدا کی کتاب ہے

۵

محبوب کبریا کا میں عاشق زہے نصیب
بندہ غلام فخر صادق زہے نصیب
بگڑا ہوا زمانہ موافق زہے نصیب
جبریل پر جو منھ سے ہیں ناطق زہے نصیب
یہ اسکا مرتبہ ہے جو خالق کا نور ہے
قرآں نہیں تو مصحف حضرت ضرور ہے

۶

شامل ہے لطف بادۂ آسماں ختم
مجھکو ثنائے آل سے ہے کام یک قلم
مدحِ امامِ ضامنِ ثامن جو ہے رقم
فضلِ خدا سے یہ مسدس ہے محترم
انگشتری نظم کا طرفہ قرینہ ہے
ہے مرثیہ کہ آٹھ پہل کا نگینہ ہے

۷

اب حاملانِ عرشِ الٰہی سے ہے خطاب
میری کتابِ نظم کا یہ آٹھواں ہے باب
اصحابِ کہف دیکھیں سخن کا مرے شباب
ہیں سامنے لما اجرتِ موسیٰ بھی انتخاب
دروازوں پر جناں کے ہے شہرہ بیان کا
میں مدح خوان ہوں موسیٰ کاظم کی جان کا

۸

ہے شورِ نظم گنبدِ فیروزہ رنگ تک
فضلِ خدا سے شاہِ خراساں کی ہے کمک
ہیں سات آسمان یہ ہے آٹھواں فلک
یوں مدح خوانِ شاہ ہے گرد و نیم ہر ملک
دل ڈوبے ہیں شرابِ ولا کے پیالے میں
کیا کچھ نہیں ہے آٹھ ورق کے رسالے میں

۹

ممدوح میرا دونوں جہاں کا امام ہے
مضبوط جس کے دینِ خدا کا نظام ہے
اصلِ اصول شجرۂ دین لا کلام ہے
شمعِ حریمِ حرمتِ بیت الحرام ہے
کعبہ گواہ ہے کہ عجب مرتبہ دیا
مشہد کو اس نے قبلۂ ہفتم بنا دیا

۱۰

اے چشمِ شوق دی ہے جو اشتر نے نظر
ہر مصرعِ سخن کے حروف سنہرے ہیں غور کر
چمکا رہا ہے لطفِ شہنشاہِ بحر و بر
اس مرثیے پہ ہے نظرِ کیمیا اثر
ماہِ عجم کی مدح سے کامل ہے یہ کلام
ہاں آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے یہ کلام

۱۱

سرسبز میرے باغِ سخن کے ہیں شجر
ہیں وہ اثر سے کہ پھول زمرد کے جلوہ گر
صفحہ بنا ہے طوطیِ سدرہ کا سبز پر
توفیقِ خضرِ راہ ہے قسمت ہے راہ پر
مداح کو ثنائے رضا کی امنگ ہے
اب تو زمینِ نظم بھی فیروزہ رنگ ہے

۱۲

منسوب ہے یہ رنگ جو سادات کی طرف
اس نظم کی ہے دھوم خراساں سے تا نجف
ممدوح میر موسیٰ کاظم کا ہے خلف
مجھ کو بھی اپنے جد کی ثنا کا ملا شرف
معقبل کے در کا ذرہ ہوں مقبل نہیں سہی
دعبل کی خاک تو ہوں دعبل نہیں سہی

۱۳

ہمعصر گرچہ کہتے ہیں بارہا جواب
جو قابلِ جواب ہوا اس کا کیا جواب
فیروزہ سخن کا جو ہے رنگ لاجواب
کہتے ہیں جوہری کہ نہیں ہے ترا جواب
مجلس کو نورِ مدح سے معمور کر دیا
تو نے تو لکھنؤ کو نشاپور کر دیا

۱۴

رنگِ بہار رنگِ خزاں کھو رہا ہے آج
ابرِ کرم لباسِ چمن دھو رہا ہے آج
باغوں میں انتظام نیا ہو رہا ہے آج
بیدار بختِ سبزہ ہے کب سو رہا ہے آج
ابرِ بہار را کہ بہار فام کردہ اند
رنگِ سحر زہشتِ چمن وام کردہ اند

۱۵

پھرتے ہیں میری چشمِ تصور میں کئی بار
باغِ رضا میں روضۂ رضواں کی ہے بہار
پہنچی ہے فکر سوئے خراساں بافتخار
پلٹا ہے ذہن پھر عربستاں میں ایکبار
حاسد پہ برقِ طبع تجلی نشاں گری
دیکھو یہ کوندتی ہوئی بجلی کہاں گری

عہ بربنائے شہرت دعبل کو بکسر بائے موحدہ عرض کیا خبیر ۱۲

ٹ ہندوستان کو تو نے نشاپور کر دیا

۱۶

لازم ہے مجکو باغ رسول امم کی سیر
یعنی مدینہ رشک گردون حرم کی سیر
بعد اُسکے مشہد شہ عالی ہمم کی سیر
پہلے عرب کی سیر کروں پھر عجم کی سیر
ممدوح میرا باغ پیمبر کا پھول تھا
سب سے الگ مجاور قبر رسول تھا

۱۷

گوشہ نشیں مدینہ میں تھا رضی رضا
عباسیوں کے دور سے فتنہ کا زور تھا
دن رات کے فساد سے اک حشر تھا بپا
ہر شہر میں بغاوتیں ہوتی تھیں رونما
دام بلا یہ عہد تھا سادات کے لئے
مامون کا تھا دور فسادات کے لئے

۱۸

دل میں خیال کرتے تھے یہ بانیٔ فساد
سادات کے سبب سے ہے دنیا میں یہ فساد
اس واسطے یہ چال چلے وہ بد اعتقاد
سید کوئی شرف میں فنا سے نہیں زیاد
حاکم وطن سے کرکے طلب نیکنام کو
فرضی خلیفہ اپنا بنائے امام کو

۱۹

ہیں علم و فضل و زہد میں بیشک وہ منتخب
حاجت نہیں بیاں کی عیاں ہے حسب نسب
اس عہدۂ جلیل کا مژدہ ہے ناواب
سادات اُنکو جانتے ہیں لائق ادب
سکہ دلوں پہ دلبر حیدر بٹھائے گا
اُنکے لحاظ سے نہ کوئی سر اٹھائے گا

۲۰

یہ رائے خود غلط نے سمجھ لی جو استوار
بھیجے خطوط علم کے مخزن کو بار بار
مضمون یہ تھا کہ ہے دل مشتاق بیقرار
ہے قائل فضائل مولا یہ خاکسار
ہے آرزو کہ دیکھ لوں خالق کے نور کو
تفویض کر دوں اپنی حکومت حضور کو

۲۱

مولا کے ہر جواب کا حاصل یہی تھا آہ
ہے میرے دل میں خواہش دنیا نہ حب جاہ
مرغوب ہے ہوائے مدینہ خدا گواہ
جنت ہے قرب قبر رسولؐ فلک پناہ
مجبوریاں پسند ہیں ہر اختیار پر
رہنے دے مجکو اپنے نبیؐ کے مزار پر

۲۲

انکار اس طرف سے تھا اصرار تھا ادھر
آخر لئے پیام طلب آئے اہل شر
جس طرح سے حسینؑ نے چھوڑا تھا اپنا گھر
مولا مرا یہ جبر ہوا عازم سفر
غل تھا رسولؐ پاک کی سرکار لٹ گئی
پھر آج آل احمد مختار لٹ گئی

۲۳

یثرب سے جا رہا تھا محمدؐ کا نور عین
کیا کم وطن کے واسطے تھا ماتم حسینؑ
آئی ندا البقیع سے اے سدم بشور و شین
اے میرے لعل اے مرے مجروح دل کے چین
کچھ درد دل حسینؑ کی صورت نہ کہہ سکے
تم بھی مری لحد کے مجاور نہ رہ سکے

۲۴

افسوس کس طرح ہوا تاراج میرا باغ
محسنؑ کی لاش گود میں خیبر کا دل میں داغ
شبیرؑ دو دو ماں پیمبرؐ کا تھا چراغ
حاصل ہوا نہ سوگ سے اسکے کبھی فراغ
یوں تو کبھی بھرے گا نہ تیر جگر کا زخم
تازہ ابھی ہے دل میں تمہارے پدر کا زخم

۲۵

محسنؑ تو ضرب مشت سے بیجان ہو گیا
شبرؑ کو میرے زہر دیا وا مصیبتا
شبیرؑ کے گلے پہ چلا خنجر جفا
عابدؑ کو پہلے قید کیا زہر پھر دیا
بالکل ڈرے نہ خالق اکبر کے قہر سے
مارا ہے میرے باقرؑ و جعفرؑ کو زہر سے

٢٦

ناسور بن کے دل میں رہا ظلم کا داغ غم
افسوس پہلے قید میں کھائے صد ستم
پھر قید ہی میں آپ کو دیا بجائے سم
محبس ہی گھر رہا مسافر سوئے عدم
بیکس پہ انتہائے اسیری گذر گئی ع
زنداں میں جوانی و پیری گذر گئی

٢٧

تم باعث سکون دل بیقرار ہو
میرے خزاں رسیدہ چمن کی بہار ہو
نائب نبیؐ کے حجت پروردگار ہو
اب سارے خاندان میں تمہیں نامدار ہو
تم سے مرا نشان ہے باقی جہان میں
جو کچھ ہو تم ہو اب کے اُجڑے مکان میں

٢٨

گویا ہوئے زبان ادب سے امام دیں
اے جدۂ معظمہ عاجز ہے یہ حزیں
میں چھوڑتا نہ آپ کی خوشی سے یہ زمیں
لیکن بہ جبر مجھ کو بلاتے ہیں اہل کیں
کچھ یہ نہیں ملال کہ مجھ سے وطن چھٹا
غم ہے تو یہ مزار رسولؐ زمن چھٹا

٢٩

انجام کے خیال سے تھا شور و بکا
تھے گرد جمع خویش و اقارب بحال زار
بیت الشرف میں شور قیامت تھا آشکار
ہمشیر شہ تھیں فاطمۂ زہرا کی یادگار
معصومہ تھا خطاب وہ عصمت شعار تھیں
زینبؑ کی طرح بھائی پہ اپنے نثار تھیں

٣٠

کہتی تھی یوں بہ آہ و فغاں وہ نوحہ گر
گر مجھ سے جائیے گا سوائے بحر و بر
جینا وبال ہو گا مجھے آپ سے چھوٹ کر
اے بھائی جان آپ سے آباد ہے یہ گھر
منہ اشکوں سے فراق میں دھویا کروں گی میں
خالی مکان دیکھ کے رویا کروں گی میں

ع یہ بیت مرزا دبیر مرحوم کی ہے صرف موقعہ کے لحاظ سے حضرت کے بجائے بیکس کہا گیا ہے

۲۱

جب تجھ سے [illegible]

دو رنگی [illegible]

[illegible] مقبول [illegible]

بندہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

۲۲

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] عطا کیا

[illegible] عطا کیا

۲۳

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۲۴

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۲۵

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۳۲

بولا اُدا سن جو سے وہ دلبر امام
ایسی خوشی میں تو نہ چھوڑونگا یہ مقام
یہ سن کے آیا شاہ کی خدمت میں وہ غلام
سرکار کو یہ حال سُنایا بصد سلام
اُٹھے امام اپنے یتیم کے منانے کو
حضرت خود آئے لخت جگر کے منانے کو

۳۳

دیکھا پسر کا حال تو گھبرا گیا وہ ماہ
جا بیٹھا اک مقام پہ با حالتِ تباہ
رو کر دعائیں کرتا تھا وہ حزیں جانِ شاہ
کچھ دیر بعد کہنے لگا عبدِ خیر خواہ
اس حال پر ملال پہ یہ نیم جاں فدا
ای شاہزادے چلئے ہے باپ ماں فدا

۳۴

فارغ ہوئے طواف سے جب شاہِ سرفراز
پڑھنے لگے مقامِ براہیم پر نماز
دلبند شہ جناب نقی اخترِ حجاز
کمسن مگر مطیعِ خداوندِ بے نیاز
آثارِ خوفِ حق عیاں رخ سے صاف تھے
کاندھے پہ اک غلام کے مصروفِ طواف تھے

۳۵

ہر چند بیقرار بہت تھا دلِ حزیں
روضہ کے باہر آ گئے سلطانِ مومنیں
لی راہ مکہ چھوڑی مدینے کی سرزمیں
کعبہ میں آ یا قبلۂ دیں کعبۂ یقیں
مقصد یہ تھا رضائے الٰہی حصول ہو
امن وطن کا طوفِ دعا میں قبول ہو

۳۶

گھر آئے صحن و صفہ میں ہو لا بر دو یا س
گھر ہوتے روتے غش ہوئے دلبر دریا س
بیکس کا چہرہ دیکھ کے دیواریں تھیں اُداس
محراب کہہ رہی تھی کہ ای شاہِ حق شناس
جلوہ تھا سب یہ آلِ پیمبر کے پھول کا
سونا ہوا اب آج سے روضہ رسول کا

۴۱

فرمایا پیارے کو اٹھوا کے قمر
نور نگاہ میوہ دل پارہ جگر
شہزادے نے کہا کہ میں کیا جاؤں اپنے گھر
اب شاہ دیں اکیلے رہیں گے میں عمر بھر
بولے امام دیں مرے نور نظر ہو تم
راضی رہو قضا پہ فلک کے پسر ہو تم

۴۲

جنس رضائے حق کے خریدار ہو تمہیں
غمدیدہ اہلبیت کے غمخوار ہو تمہیں
وارث تمہیں ہو اور پرستار ہو تمہیں
اب تو خدا کے بعد مددگار ہو تمہیں
چپ ہو گیا وہ حاکم شرع متین سے
فرما کے الوداع شہ نور عین سے

۴۳ مطلع

گھر سے جب غریب خراساں رواں ہوا
اصحاب خاص رونے لگے خوف جاں ہوا
پہونچے جو تا کمر بحر کا سامان عیاں ہوا
حضرت شہ کے کرشمۂ قدرت عیاں ہوا
جس کوہ پر گئے اسے گلزار کر دیا
تاریک جنگلوں کو ضیا بار کر دیا

۴۴

پڑتی نظر وہ بارش رحمت قدم قدم
صدقے تھی رسول پہ جنت قدم قدم
رستے میں معجزوں کی وہ کثرت قدم قدم
تازہ وہ شاخسار کرامت قدم قدم
ہر برگ خشک غیرت ریحان تر بنا
جب خار پر نگاہ پڑی نیشکر بنا

۴۵

جب باغ کے قریب گذر راہ خدا ہوا
سنبل کو سنبلہ کیا نرگس کو چشم ور
جاری تھا فیض سحر کرامت قریب و دور
پہونچے اسی طرح جو نیشاپور میں حضور
آواز آئی آمد شاہ غریب ہے
پیاسو چلو کہ چشمۂ رحمت قریب ہے

۴۶

وہ شہسوار، قاطرِ اشہب پہ سوار
بالائے پشت جس کے عماری ہے زرنگار
ہے سائبان دامنِ رحمت بصد وقار
صورت سے شان و جاہ و جلالت ہے آشکار
آیاتِ نورِ عارضِ تاباں کی ضو میں ہیں
حاضر بہت سے حافظِ قرآں جلو میں ہیں

۴۷

معروف ساتھ تھا تو ہوئے ہو کے خفاں
ہمراہ سب محدث و قاری و فقہ داں
واعظ خطیب اہلِ سخن صاحبِ زباں
کوٹھوں پہ وہ ہجوم کہ جنبش میں ہیں مکاں
صدہا فقیر و صوفی و زہاد صف بصف
تسبیح ہاتھ میں لیے عباد صف بصف

۴۸

ہے مصر اک حسین میں بازار سیکڑوں
یوسف ہے ایک اور خریدار سیکڑوں
موسیٰ ہے ایک طالبِ دیدار سیکڑوں
عیسیٰ ہے ایک عشق کے بیمار سیکڑوں
الیاس ایک تشنۂ الفت ہزار ہا
خضر ایک رہ نوردِ محبت ہزار ہا

۴۹

بازار میں کھڑی ہے سواری حضور کی
کوئی پکارتا ہے کہ اے دلبرِ نبی
ہم فدا برائے پیمبر پسرِ علی
پردہ اٹھا عماریِ زیبا کا اک گھڑی
ہیں مضطرب جمالِ منور کے واسطے
موتی نہیں یہ دل ہیں نچھاور کے واسطے ن

۵۰

اے شاہزادۂ جنت پیمبر کا واسطہ
مقتول ہو حضرتِ شبیر کا واسطہ
پیارے حسین کشتۂ خنجر کا واسطہ
اس بھیڑ پہ ہو لطف بہتر کا واسطہ
محروم رکھ نہ حسنِ ضیا بار سے ہمیں
سیراب کر شربتِ دیدار سے ہمیں

ن ہم دل لئے کھڑے ہیں نچھاور کے واسطے

۵۱

باقی نہ رہا درد بجز جاں کا عالم ہے
رکھیں گے ہم سینے میں جب تک صبر کا عالم ہے
شب نے قبول عرض ہوئی ہم پہ غم کا عالم ہے
بیٹھ کے کیا کیا غم ہے رنج و الم کا عالم ہے
سب اک نصیب ہیں اب باقی کیا ہے
ہائے ان ہجر کی آنکھوں کا اب کیا ہے

۵۲

ساقی بھی نہ رہا ساقی اول کا جیسا
نام خدا کے بھی یہی نہ رہا نام
وہ دور جام سے نہ رہا کوئی سا نام
اول وہی تھی جام کا نام و نشان
اب یہ سب پیار کی باتیں ہیں
یہ سب سلسلہ ساقی اول سا دور
دنیا ہی بدل گئی

۵۳

یہ گلاب ساقی نے وہ گلزار بنا دیا
ایک ہی جھونکے نے سب عطا کو بنا دیا
وہ ایک گھونٹ جس نے ان کو بیمار بنا دیا
کہ پیتے ہی سرشار وہ بادہ والا
بادہ ہی نے بے خود کیا
ساقی ہی نے یوں صلاح دی

۵۴

آج انہیں یاد کے پیمانے بھر لا
وہ سب کو وہ دور دیا اغیار کا
ساقی پھر ایک جام ملا
اے صبح و شام یاد آ
رحمت ہی سے وہ دور پھر
موسم کا دور اب کہاں

۵۵

وہ ساقی عطا ہو پیالہ جو جام بھر دے
پھر وہ صدا آئی جام بھر دے
ساقی پھر نغمہ سنا جام بھر دے
دنیا میں یہ جو اب دور ہے
وہ جنت جو انہیں جام دے والا
اے نظر اب وہ وحدت کا جام ملا

۵۶

ہم بیکشوں کو ناز جو تیری عطا پہ ہے
سرمست ہو کے کرتے ہیں ایماں کی راہ طے
سمجھے ہیں اس سے بڑھ کے نہیں اور کوئی شے
دھانی ہو شیشہ اور گلابی ہو رنگ مے
سرسبز سرخرو ہوں وہ نعمت شباب سے
جام حسن میں مجھ کو حسینی شراب دے

۵۷

باغ ارم میں دھوم ہے رنگینی شراب کی
پہونچی کہاں بہار ہے لاجواب کی
سرخی شفق سے بڑھ کے ہے اس آفتاب کی
لالہ کی اصل ہے نہ حقیقت گلاب کی
فکر بلند کا ہے نہ ذہن رسا کا ہے
یہ خاص رنگ قدرت رنگیں ادا کا ہے

۵۸

خوشبو عجیب رنگ نرالا شراب کا
ایماں کی بزم میں ہے اجالا شراب کا
بحر کرم ہے بانٹنے والا شراب کا
دھویا ہے خوب اُسنے پیالا شراب کا
پاکیزگی یہ تا حشر جائے گی
کوثر کی آبرو بھی یہی مے بڑھائے گی

۵۹

ساقی چراغ بادہ ہے ہو محفل حزن سے دور
ساغر کا تیرے لب ہو نہ میرے دہن سے دور
میخانہ اک نیا ہے بنا تا وطن سے دور
تیری بہار جانی ہے اپنے وطن سے دور
دیدار کا عرب ہوا محتاج ساقیا
رکھدے رہ عجم میں سبیل آج ساقیا

۶۰

میری طرح ہیں جمع ہزاروں شراب خوار
ہے زیب قطرا احمد مرسل کا یادگار
شان خدا عذار ہے زیبا سے آشکار
بل کھا رہے ہیں شانوں پہ گیسوئے حلقہ دار
نافہ میں منہ چھپاتی ہے مشک ختن کی بو
زلفوں سے آرہی ہے رسول زمن کی بو

٦١

صورت پہ دل نثار کیے ہیں ہزار ہا
خاک قدم پہ جان دیے ہیں ہزار ہا
جام شراب عشق پیے ہیں ہزار ہا
کاغذ قلم دوات لیے ہیں ہزار ہا
مشتاق سب ہیں فیض ہو حاصل بیان سے
بندے سنیں حدیث خدا کی زبان سے

٦٢

بولے امام نحن پیمبر ہیں و فقتن
اجداد کی سند سے نبی کا ہے یہ سخن
جبریل وحی سے لائے تھے واقف ہیں مرد و زن
دل سے پڑھے جو کلمۂ توحید ذوالمنن
واجب ہے جنت اس پہ یہ حکم الٰہ ہے
اس کو خدا کے حصن حصیں میں پناہ ہے

٦٣

لیکن یہ حکم چند شرائط کے ساتھ تھا
یعنی ولائے آل نبی طاعت خدا
کی عرض حاضرین نے اور اس کے ماورا
فرمایا شاہ نے وانا من شروطہا
مطلب یہ ہے جز عبادت کوئی نہیں
دل میں اگر محبت آل نبی نہیں

٦٤

الغرض شاہ نے جو سنی یہ حدیث نور
لکھوا کے آب زر سے بصد فرحت و سرور
بولا کہ کفن میں یہ تعویذ ہو ضرور
دنیا سے اٹھ گیا جو وہ سلطان ذی شعور
ظاہر کیا یہ خواب میں اس نیک اصول نے
پہنچایا اعلیٰ میں اسی قول رسول نے

٦٥

کہتا ہے بارگاہ امامت میں یہ جعفر
میں ماؤ شہ نہیں کوئی جو آستاں کا ہو فقیر
تیرے سوا ہے کون غریبوں کا دستگیر
مست مئے ولا ترا مداح ہے یہ حقیر
دھویا ہے دل کا صفحہ شراب خلوص سے
لکھا ہے اس حدیث کو آب خلوص سے

٦٦

ہنگامِ نزع مجھ کو دُرِ مدعا ملے
قطرہ ہے جس کا ہو اُسی دریا سے جا ملے
مرنے کے بعد صحنِ ریاضِ رضا ملے
تربت میانِ روضۂ شاہِ ہدیٰ ملے
محشر میں پاس بہرِ شفاعت ہیں حضور
کسکے لئے بھی ضامنِ جنت ہیں حضور

٦٧

مہماں ہوں میرے کاشانۂ دل میں شہِ ہدیٰ
جس طرح ہے پسند پسندیدہ کا گھر کیا
بادام کا درخت وہاں شہ نے بو دیا
میری بھی آرزو کا شجر کیجئے ہرا
جس طرح نخلِ طور تھا موسیٰ کے واسطے
تھا یہ نہال اُس گلِ زہرا کے واسطے

٦٨

بہرِ کلیم شمعِ حقیقت وہ نخل تھا
تھا یہ درخت دلبرِ موسیٰ کا معجزا
پھل چشمِ حور شاخیں تھیں ابروئے خوشنما
پتوں کے صفحوں پر بھی رقم آیہ تھا
دیکھا جو ناتواں نے تو تاب آ گئی
پھل چھو لئے تو آنکھوں کی بینائی آ گئی

٦٩

فرخ مسیح تھا جو وہ خضرہ تھا
رویا میں ایک مریض کو نسخہ بتا دیا
دارو سے شربت میں وہ ذی قدر گھلا
تکبیر جو کہ وہ طرح سرور سے گر گیا
سنگ اُس کا نرم ہو گیا آقا کے فیض سے
ابتک وہ ظرف بنتے ہیں مولا کے فیض سے

٧٠

سرسبز معجزوں کا تو نہیں بوستاں رہا
دن پھر گئے زمیں کے وہ لالہ جہاں رہا
خوشبوئے جانفزائے معطر جہاں رہا
یوں سب کو مرد سروِ پیمبر رواں رہا
گل تھا کہ رنگ پیرہنِ پیمبر کا پھول ہے
روحِ ملک میں مدحِ رسول ہے

۱ مطلع

جب شاہ جہاں میں آئی سواری امام کی
شہرت ہوئی دو چند سکندر کے نام کی
آئینہ بن گئی تھی زمیں اس مقام کی
جمشید شکل بھول گیا اپنے جام کی
آئی بہار شان چمن تازہ ہو گئی
دنیا مکان شوق کا دروازہ ہو گئی

۲

جب اے رحیم نظم کا حسن ادا نیا
ہے واقعہ قدیم مگر ڈھب کہا نیا
یہ تیری کائنات سے ہو مرثیہ نیا
نکلا عجب بہار کا پہلو نیا نیا
مانے کوئی برا تو کہو نکتہ خطا ہوئی
کیا ہفت نظر طبیعت رنگیں عطا ہوئی

۳

بے برگ و بار تھے جو شجر بارور ہوئے
کلیاں کھلیں تو پھول ہوئیں گل ثمر ہوئے
رشک نجوم لالے کے داغ جگر ہوئے
طلعت میں حق حسن عنادل کے پر ہوئے
جلوہ ہر اک شمع میں ہے کوہ طور کا
چھٹتا ہے پتی پتی سے فوارہ نور کا

۴

صیاد چھپ رہے ہیں چمن میں ڈرے ہوئے
گلہا اترتی ہے کہ وہ سبک کر گرے ہوئے
وہ بارور درخت وہ ٹھالے بھرے ہوئے
وہ دھانی دھانی کونپلیں پتے ہرے ہوئے
سبزہ کا رنگ دیکھ کے فیروزہ دنگ ہے
سادات کو پسند یہی سبز رنگ ہے

۵

غنچے چٹک کے حسن دل آرا دکھاتے ہیں
نقارہ سلامی مولا بجاتے ہیں
مرغان گلشن سخن یہ مژدہ سناتے ہیں
تازہ ہے یہ چمن سے گلشن ایماں وہ آتے ہیں
پھولوں میں رنگ قدرت پروردگار ہے
وہ دم ہے کہ جس کے قدم سے بہار ہے

[illegible]

تعمیر خانقاہ غلامانہ اک طرف
آمد مہ یا غیاثوں میں افسانہ اک طرف
آراستہ چمن کا جلو خانہ اک طرف
مستوں میں ذکر شیشہ و پیمانہ اک طرف
بستر بچھا ہے صحن گلستاں میں نور کا
بے کے گلے ... میں پہ شراب طہور کا

[illegible]

ہر برگ کی زباں پہ ثنا دیں کی ہے صفت
طائر چمن میں پڑھتے ہیں اشعار منقبت
رطب اللساں ہیں غا ... رہنمائے تہنیت
ذرے ہیں چاہتے ہیں چھوئیں آسماں کی چھت
گلشن کو سرفراز کیا کردگار نے
معراج پائی سرو سہی پہ بہار نے

[illegible]

باغوں میں آمد آمد شہ کی ہے دھوم دھام
آراستہ صبا نے کیے پھولوں کے خیام
سبزہ بچھا کے فرش ہے سرگرم انتظام
اشجار کو ہوس ہے کہ ہیں پہلے کریں سلام
محو اس کو ہوتا ہے جو اہل ذوق ہیں
بلبلیں تمام سلسلہ جنبان شوق ہیں

[illegible]

کہتے ہیں گل خزانہ لعل و گہر ہے کیا
کیا چیز ہم نثار کریں پا بنازر ہے کیا
ہما نے سایہ کرنے کو مد نظر ہے کیا
کیا ابر کی بساط ہے کوئی شجر ہے کیا
برتر ہے قدر فرق امام جلیل کی
لائیں کہاں سے چھاؤں پر جبرئیل کی

[illegible]

شرع نبی کا رنگ جماتی ہوئی بہار
باغ ارم کی راہ بتاتی ہوئی بہار
وہ آبروئے ملک بڑھاتی ہوئی بہار
دریائے معرفت میں نہاتی ہوئی بہار
اللہ رے جوش حمد خدا شہر شہر ہے
اک یہ بھی اس کے بحر مشیت کی لہر ہے

نہ جھر ... کا ... مہور رہا ہے شراب طہور کا

۸۱

ساقی اک اور جام کہ موقع کی بات ہے
سن لے یہ ایک بند جو وجہ نجات ہے
روشن تری ولا سے چراغ حیات ہے
اتنی بھی روشنی نہ ہو پھر دن بھی رات ہے
ساقی بھی نور کا ہے صراحی بھی نور کی
تصویر ہے کھنچی ہوئی قندیل طور کی

۸۲

ہاں میکشو مآل کی جانب کرو نظر
پہونچی ورود شاہ کی حاکم کو جب خبر
خود آیا پیشوائی مولا کو خیرہ سر
ہمراہ کل سپاہ وہ شاہانہ کرّ و فر
بولا ادب سے مجھکو سرافراز کیجئے
حاضر غریب خانہ ہے ممتاز کیجئے

۸۳

مہماں ہے حضور تو کہنے لگی قضا
غربت میں تم حسینؑ ہو اُلٹے دریا
ظاہر میں قدر کرتا ہے یہ دشمن خدا
اب میزبان بن کے کریگا یہی دغا
دنیا امامؑ صابر و شاکر کو رووے گی
روح بتولؑ اب نئے سر سے رووے گی

۸۴

مولا زبان صبر[ن] سے فرما رہے تھے آہ
ہاں مرد کلب مجھے بھی خبر ہے خدا گواہ
آخر وہ وقت آیا کہ حالت ہوئی تباہ
خلوت میں بولا آپ کا ہوں کینہ خواہ
ہر چند کچھ نہیں ہے ضرورت حضور کو
دیتا ہوں میں خوشی سے حکومت حضور کو

۸۵

یہ فوج یہ خزانہ یہ دولت یہ ملک و مال
سب ملک آپ ہی کی ہوا اے فاطمہؑ کے لال
آنکھوں میں اشک بھر کے یہ شہ نے کیا مقال
اصرار سے ترے میں چلا آیا خستہ حال
اللہ کے فقیر کو دولت سے کیا غرض
میں فاقہ کش ہوں مجھکو حکومت سے کیا غرض

ن ۱ مسدم زبان صبر سے فرما رہے تھے شاہ

۸۶
مامون بولا خیر جو شاہی نہیں پسند
ہو جائیں آپ میرے ولیعہد کیا گزند
شہ بولے اس بیان سے ہے لرزہ میں بند
اُسکو خلیفہ کرتا ہے سلطان عقلمند
کچھ دن جو اُسکے جہاں میں بسر کرے
مجھ سا نہیں کہ تجھ سے ہی پہلے سفر کرے

۸۷
وہ بولا کہ یہ ہے پیچ کیا سیدِ اُمم
فرمایا شاہ نے کہ میں ہونگا شہیدِ سم
کی عرض کسکی تاب جو شریر کرے ستم
اک آہ سرد بھر کے پکارے بچشمِ نم
کیفیتِ وفات سناؤں جو تو کہے
قاتل کا اپنے نام بتاؤں جو تو کہے

۸۸
غصہ سے تب یہ کہنے لگا حاکمِ لعین
بیکار یہ کیجے نہ مجھ پہ آپ خشمگیں
کچھ دل میں میری سطوتِ شاہی کا ڈر نہیں
سُنتے ہوے آپکے تر ہو گئی یہ زمیں
قطعی یہ فیصلہ ہے اب اصرار کیا کرو
شہ نے کہا جو یہ ہے تو انکار کیا کرو

۸۹
خود اپنے ہاتھوں جان ہلاکت میں ڈالنا
ہے یہ خلافِ حکمِ خداوند ذو العُلا
پر عزل و نصب سے میں ہونگا علحدہ
آئین و رسم کو بھی نہ بدلونگا مطلقا
اپنا طریق ایک ہے ہر ایک کے لئے
میں مستعد ہوں مشورہ نیک کے لئے

۹۰
بعد اسکے بارگاہِ خدا میں دلِ حزیں
کرنے لگا یہ عرض کہ اے ربِّ عالمیں
مجبور کر رہا ہے مجھے یہ عدوے دین
تو جانتا ہے خوب کہ میری خوشی نہیں
تیری نگاہ نیک رہی دانیالؑ پر
ہر روز نیا ظلم کیا کرتا تھا اکثر
تھی فکر کہ مٹ جائے مزارِ شہِ بے سر
ظاہر ہوئے اعجاز جگر بندِ پیمبرؐ
عاجز رہے غدار بنا روضۂ انور
طوفانِ ستم گرچہ اٹھانے پہ تُلے تھے
خود مٹ گئے وہ جو کہ مٹانے پہ تُلے تھے

۸۳

ہے روضۂ شبیرؑ بھی حیدرؑ کا بھی روضہ
اعدا ہوئے برباد پتہ بھی نہیں چلتا
گزرا متوکل کا بھی جانکاہ زمانا
اک ظلم کا افسانہ رہا اور رہے گا
منظور تھی ذلت اُسے اولادِ نبیؐ کی
کرتا رہا تا زیست وہ تحقیر نقیؑ کی

۸۴

لیکن جسے عزت دے خداوند تعالیٰ
توہین بھی اُس کی کوئی کر نہیں سکتا
ظاہر ہے خلیلؑ آگ میں پھینکے گئے تو کیا
خود کھل گیا تپنے سے کہ سونا وہ کھرا تھا
بڑھتا رہا اعزاز رسولِؐ عربی کا
قابل نہ طمانچے کے تھا رخسار نبیؐ کا

۸۵

معصوموں کی ذلت کے ہمیشہ ہوئے ساماں
توقیر بڑھاتا رہا پر خالقِ سبحاں
تحقیر نقیؑ کا متوکل بھی تھا خواہاں
آخر یہ نکالا ستم ایجاد نے عنواں
فرمان جفا جو نے دیا غیظ و غضب میں
دوڑیں نقیؑ دیں میری سواری کے عقب میں

۲۸۶

وہ دھوپ وہ لو اور وہ گرمی کا زمانہ
بھُن جاتا تھا گر خاک پہ گر جاتا تھا دانہ
خود تخت رواں پر تھا وہ مردود دیوانہ
اور خاک بسر دین کا وہ دُرِّ یگانہ
پیدل عقب تخت رواں دوڑ رہا تھا
قدموں پہ وہ تھا سر سے پسینہ جو بہا تھا

۲۸۷

محلوں کو تھا حاکم شقی تیز ہو رفتار
حضرت کی طرف دیکھ کے ہنستا تھا ستمگار
شہ دوڑتے جاتے تھے برابر سر بازار
مرجھائے ہوئے پھول تھے تو نے ہوئے رخسار
کہتا تھا شقی مر کے کرم کیا ہو جیں کیا ہوں
فرماتے تھے مولا کہ میں راضی بہ رضا ہوں

۲۸۸

اک شخص نے کی عرض کہ اے سید والا
واللہ بہت آپ کا ہے مرتبہ بالا
توہین کا حاکم نے طریقہ یہ نکالا
شہ نے کہا ہے شکر خداوند تعالیٰ
دشمن ہو زمانہ مرا اللہ معین ہے
حرمت مری کم ناقۂ صالح سے نہیں ہے

۲۸۹

اک لے ازلی تھا جو فرماتے مولا
جن لوگوں نے پے ناقۂ صالح کو کیا تھا
وہ تیسرے دن چل بسے تھے چھوڑ کے دنیا
اتنے ہی دن اُس حاکم جابر کو تھا جینا
ظاہر ہوا جو شہ نے کتابوں میں کہا تھا
اک بات کوئی ان کا رد و مردود ذرا تھا

۲۹۰

تھا باغ نوردی جو غلام متوکل
ظالم نے یہ سمجھا تھا وفا بیں ہے وہ کامل
تلوار کا ایسی اُسے خوگر کیا حامل
آخر وہی ثابت ہوا مردود کا قاتل
بیٹا متوکل کا پدر سے جو خفا تھا
باغی کو اسی شخص نے ہموار کیا تھا

۹۱

بس منتظر آخر ہوا اُس تخت کا مالک
پھر ماہ رہا صاف طریقہ کا وہ سالک
موت آ گئی اُسے بھی کہ مرض اُس کا تھا مہلک
پھر طرح کے اوروں نے حکومت کے مسالک
ہوتے رہے دن رات فسادات کے حملے
ترکوں کی چڑھائی کبھی سادات کے حملے

۹۲

آرام سے وہ اہلِ جفا رہنے نہ پائے
آمادہ فلک رہتا تھا ہر دم کہ مٹائے
تلواریں یہ برسیں کہ عدو خون میں نہائے
خلعت جو پہنتے تھے کفن اُنکو پنھائے
تھا وقت مصیبت کا جو اربابِ جفا پر
اُن سب نے توجہ نہ کی سلطانِ ہدیٰ پر

۹۳

مصروف ہدایت میں تھا وہ دین کا سردار
کچھ کم تھے برس چالیس سے سید ابرار
معتز ہوا اس سلطنتِ ظلم کا مختار
مولا کی ہلاکت کا سبب تھا یہی غدار
مسموم کیا احمدؐ و زہراؑ و علیؑ کو
زہر اس ستم ایجاد نے دلوایا نقیؑ کو

۹۴

جب زہر اثر کرنے لگا یہ ہوئی حالت
تھا جسم مقدس پہ ورم زرد تھی رنگت
آیا تھا گہن میں وہ مہ برجِ امامت
دل ٹکڑے تھا اور زخم کلیجے میں بکثرت
مہمان کوئی دیر کے تھے دارِ جہاں میں
تھے فرش پہ تشریف لیے صحنِ مکاں میں

۹۵

مجمع تھا بہت گھر میں قریبِ شہِ ذیشاں
نزدیک پدر کے آئے حسن عسکریؑ اُس آن
استادہ ہوئے وہ بھی طرف با دلِ نالاں
مولا نے کہا آ گیا اللہ کا فرماں
مرتا ہوں مری جان خدا حافظ و ناصر
اے لال میں قربان خدا حافظ و ناصر

۹۶

روئے لگا وہ دلبر زہرا و پیمبر
دنیا سے سفر کر گیا وہ دلبر حیدر
بیٹے نے دیا غسل و کفن با دل مضطر
تیار جنازہ جو ہوا رو دیئے سرور
عالم کے بھی تھے ساتھ طرفدار ہزاروں
احباب کے ہمراہ تھے اغیار ہزاروں

۹۷

مولا نے پڑھائی جو نماز اپنے پدر کی
افلاک سے روح انبیا نے جھک کے نظر کی
جب جا رہی تھی لاش شہ جن و بشر کی
تھا چاک گریباں، یہ حالت تھی پسر کی
آنکھوں سے رواں اشک تھے اور لب پہ فغاں تھی
اور ناقہ کی حسرت کی غلش دل میں نہاں تھی

۹۸

پر دیکھ کے کہنے لگا اک دشمن بے باک
جو شخص مصیبت میں گھرے یہاں کرے چاک
اللہ کے اسرار سمجھ سکتا ہے کیا خاک
یہ سن کے بکا شہ دیں بادل غمناک
میں جیب دریدہ ہوا بابا کے الم میں
موسیٰ کا یہی حال تھا ہارون کے غم میں

۹۹

حضرت کی عبادت کا مقام آگیا جس جاں
تیار ہوئی تربت شاہنشہ ذیشاں
بیٹے نے کیا زیر لحد باپ کو پنہاں
ماتم کا ہوا قبر مطہر پہ بھی ساماں
تھا کو بھی زمیں مہ سے کی اہل شرف ہے
یثرب ہے نبی سے، علی سے نجف ہے

۱۰۰

ناگاہ جواد دیں سے آواز یہ آئی
یثرب سے ہوئی میری طرح تیری جدائی
غربت میں مصیبت پہ مصیبت بھی اٹھائی
دوری ہی پہ مجھ سے لحد تو نے بھی پائی
پہلو سے پدر میرے الگ آ کے بسایا
کیوں لال مری قبر کا کونا نہ بسایا

۱۰۱م

[illegible] سیاں بیان

[illegible] سالان

[illegible] مسلمان

[illegible] سلطان

[illegible] ۰

۱۰۲م

[illegible] بیجان

[illegible] ذوالقتیان

[illegible] مسلمان

[illegible] سالان

[illegible] ۰

۱۰۳م

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۰۴م

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۰۵م

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۰۶

مرجاتا ہے جب باپ تو روتی ہے پسر
تھے مارے ہیں کیسے مسلمان ستمگر
لیٹی جو سکینہؑ تنِ شبیرؑ سے آکر
دُرّوں کی اذیت سے پھر آئی گئی مضطر
خواہر کو بھی رسّی سے بندھا بھائی کے غم میں
جکڑا گیا فرزند بھی زنجیرِ ستم میں

۱۰۷

اُمِّ سلمہؓ قسمت میں عاشور کا دن تھا
ہچکی جو مری آنکھ ذرا خواب میں دیکھا
آلودہ بخوں ہے سرِ لولاک کا چہرا
ہیں گیسوؤں پر خاک ردا ہے نہ عمامہ
پوچھا باادب میں نے جو احوال نبیؐ کا
فرمایا ہے یہ خون حسینؑ ابن علیؑ کا

۱۰۸

اُمّت نے مرے پیارے کو مہمان بلایا
پھر تین شب و روز نہ پانی بھی پلایا
اور آج سحر سے لے کے تا عصر ستایا
بے جرم مرے لال کا پھر خون بہایا
پامال کی زہراؑ کے جگر بند کی میت
بے گور پڑی ہے مرے دلبند کی میت

۱۰۹

لازم ہے مسلمانو! تاسیِ پیمبرؐ
ماتم کرو شبیرؑ کا، عیاں کر کے دل و بر
داغِ غمِ شبیرؑ ہے بخشش کی سند پر
محشر میں محمدؐ کی شفاعت ہو میسّر
جو پیرویِ سرورِ عالم نہیں کرتے
وہ زندۂ جاوید کا ماتم نہیں کرتے

۱۱۰

ہے طاقتِ دل طاق خبر اب ہے نہ فرموش
مجلس میں اک شخص نظر آتا ہے بیہوش
ہے کیفیتِ بادۂ اخلاص کا یا جوش
فردوس میں ہے بلبلِ سدرہ ہمہ تن گوش
ہے وصفِ غمِ عترتِ محبوبِ خدا کا
اس نظم پہ ہے صاد رسولِ دوسرا کا

تمام شد
تاریخ ختم تصنیف مرثیہ ہذا
۶ جنوری ۱۹۵۵ء

مرثیہ ۱۳

ہے مہم فوج مضامین سر میدان سخن

در حال امام حسن عسکری علیہ السلام

تعداد بند (۱۲۴)

مصنفہ سید سرفراز حسین رضوی خبیر

مطبوعہ

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

باسمہ

زیارت حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ الْعَسْکَرِیِّ
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْبَرُّ الصَّادِقُ الْوَفِیُّ
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَلِیَّ اَمْرِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَا خَازِنَ عِلْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَابْنَ حُجَجِ
اللّٰهِ عَلٰی اَحَدٍ مِنْ اَصْفِیَائِكَ وَ حُجَجِكَ وَاَوْلِیَائِكَ
وَ ذُرِّیَّةِ رُسُلِكَ وَاَنْبِیَائِكَ اٰمِیْنَ یَا
رَبَّ الْعَالَمِیْنَ

ولادت باسعادت ۱۰ ربیع الثانی سنہ ۲۳۲ھ تاریخ شہادت ۸ ربیع الاول سنہ ۲۶۰ھ

جائے دفن سامرہ

۲۸۲

بکامم [illegible] برید از ان سخن
درایت [illegible] الفاظ [illegible] عنوان سخن
نظر کن [illegible] کلاه داران سخن
[illegible] فشانان سخن
[illegible]
[illegible]

۲۸۳

دوستان [illegible] بلوا [illegible]
[illegible] دود [illegible]
[illegible] معنی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۸۴

[illegible] سخن [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] سلیمان [illegible]

۲۸۵

[illegible] مولود [illegible]
[illegible]
[illegible] حسین [illegible]
[illegible] حسن [illegible]
[illegible]

۲۸۶

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٤

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٥

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٦

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٧

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٨

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

سنه ١١٢٥ [illegible]

١١م

[illegible]

١٢م

[illegible]

١٣م

[illegible]

١٤م

[illegible]

١٥م

[illegible]

۵۱۶

جب یہ سب کہہ چکے وہ خالقِ یکتا کی کنیز
اُس کے مالک کو تو سمجھاتا با اخلاق و تمیز
اہلِ دنیا کیلئے ہے دولتِ دنیا کیا چیز
دی شرف ایک ہے ایسا کہ خدا ہے عزیز
دام میں بھیجے ہیں تجھے اور اسے خط بھیجا ہے
اب تو تجھکو بتا تیرا ارادہ کیا ہے

۵۱۷

ہوا اجازت تو وہاں اس جاریہ کو وہ تحریر
خطِ رومی میں یہ نامہ ہے ہوشمند تاثیر
پڑھ سکے خط ہو جو وہ رضی تو تو ہو ناگزیر
کیجیو میرے حوالے اُسے بے حجت بے تاخیر
میرے ہمراہ یہ ہو جس میں اسکو تو کر دینا
قیمت اس کی جو کہے شرط یہ کہ وہ پہلے لینا

۵۱۸

کرچکا ختمِ سخن جب تو تقی عرش پناہ
کہا بسم اللہ اب اے میرے محب بسم اللہ
نُشر نے جو رکھے قدم اور لی بغداد کی راہ
جب وہاں پہنچا تو پیش آیا وہ سب خاطر خواہ
حق کی باتوں سے کیا زیرِ اثر تاجر کو
خط دیا جاریہ کو کیسہ زر تاجر کو

۵۱۹

سب کے قیمت ہوا مسرور بہت سوداگر
نُشر کے ساتھ وہ خاتون چلی خوش ہو کر
ٹھہرا اک حجرہ میں وہ مومنِ فرخندہ سیر
تھا ہمراہ وہ مخدومہ عالی گوہر
مثلِ خاتونِ معظم کا نہ تھا حرمت میں
نُشر حاضر تھا غلاموں کی طرح خدمت میں

۵۲۰

بس کہ بیٹھی ہی تھی حجرہ میں وہ خاتونِ یمن
ابھی سمجھا رہی بھی نہ تھی قلب پر آہ محن
شہ کا خط زیرِ بغل تھا وہ نکالا فوراً
نامہ اک ہاتھ میں اک ہاتھ رکھے زیرِ ذقن
کبھی ہر لفظ کو آنکھوں سے لگا لیتی تھی
کبھی ہر نقطہ پہ وہ اشک بہا دیتی تھی

۲۱

دیکھ کر حالتِ مجذوم وہ مومن بولا
ہے تعجب مجھے اس خط کا ادب ہے اتنا
جس کے کاتب سے بھی واقف نہیں ہے کیا بھلا
پھر یہ تعظیم و تکلف کا سبب کیا ہے بھلا
سُن کے اس بات کو غصہ میں وہ دلگیر آئی
کہا افسوس تجھے شرم نہ اے پیر آئی

۲۲

حیف صد حیف ہوئی تیری بصیرت زائل
تجھکو عرفانِ الٰہی نہیں شاید حاصل
ہیں مرے حال میں امرِ عجیب شامل
سُن مرا واقعہ دل سے کہ ہو روشن ترا دل
کس طرح مجھ پہ ہوا فضلِ خدا کہتی ہوں
تو ہر اک بات پہ کہہ صلِّ علیٰ کہتی ہوں

۲۳

جد مرا قیصرِ رومی ہے میں شہزادی ہوں
گرد سے [illegible]
میرے دیدار سے ماں باپ کو بھی رہتا تھا سکوں
تھی یہ چشم تھی آسائشِ قلبِ محزوں
کون تھا جو نہ ادب کرتا تھا گھر اپنے میں مرا
نام مشہور تھا یکتا تھا زمانے میں مرا

۲۴

گزرے تھے عمر کے میرے ابھی کل تیرہ سال
میرے ماں باپ کو پیدا ہوا شادی کا خیال
ابنِ عم کا مرے شہرہ تھا کہ ہے نیک خصال
اس سے طے پا گیا امرِ عقد بتعجیل کمال
دن مقرر ہوا تاریخ بھی اور ساعت بھی
ہو چکی آراستہ اک بارگہِ عشرت بھی

۲۵

آئے تقریب کو ہزاروں شرفا و نجبا
غیر ملکوں کے بھی موجود تھے کافی رؤسا
پیشوایانِ مذاہب علما و فضلا
شعرا و فصحا و کملا و ادبا
پڑھ رہا تھا کوئی انجیل فقط لوقا کوئی
لا رہا نذرانے کوئی تحفے تحائف کوئی

۲۶

شادیانے کہیں بجتے تھے کہیں چنگ و رباب
بزم سجتی تھی یہیں کی تخت فلک کا تھا جواب
زینے چالیس جڑے تھے جن پہ جواہر نایاب
موتیوں کی کہیں تھی بہار کہیں یاقوت کی آب
بیٹھا تھا تخت پہ نوشاہ قمر کی صورت
دل پچھاور کرے لوگوں نے گہر کی صورت

۲۷

دیر کو چھوڑ کے آئے تھے بہت سے راہب
کہیں بیٹھے تھے سلاطین کہیں اُن کے نائب
عقد کی رسم ادا ہونے کے سب تھے طالب
ناگہاں قہر خدا آیا ہوا سب غائب
زلزلہ آیا عیاں حشر کے آثار ہوئے
آئینے جھاڑ قندیل ٹوٹ کے مسمار ہوئے

۲۸

غش میں سب تھے جد (یحییٰ) مرے نوشہ بیہوش
جب افاقہ ہوا تو ڈر گئے تھے سب کے ہوش
اُڑ گیا چہرے کا یوں رنگ اُڑے سب کے ہوش
ایک سے ایک یہ کہتا تھا کہ کھو گئے تھے ہوش
قول تھا سب کا اگر یہ بیاہ نہ ہوگا مسعود
کوئی کہتا تھا کہ ہے قطعاً دولہن نامسعود

۲۹

ذکر تھا خلق سے عقدہ یہ کھلے گا سب پر
خلق سے دین مسیحؑ کا اُٹھے گا یکسر
فال بد جان کے آزردہ ہوا پیر پدر
کہہ رہا تھا کہ تباہی ہے مرے پیش نظر
نہ تو حاکم کی ہے خیر اور نہ حکومت کی ہے خیر
سلطنت کی ہے نہ اب خیر نہ ملت کی ہے خیر

۳۰

قیصر روم کی تجویز یہ تھی ہے یہ بہتر
تخت پر پھر سے کرے نصب صلیبیں یکسر
ہے جو نوشہ کا بڑا بھائی وہ ہے نیک اختر
ساتھ ہو اس کے جو ہو شادی تو ہو زائل ہر ڈر
اب یہ لازم ہے علاج دل رنجور کرو
نحس ہے یہ ملا یہ نوشاہ اسے دور کرو

۵۳۱

حکم قیصر کے بجا لانے میں کیا ہوتا قصور
ہو گئی آراستہ پھر بزم کدورت ہوئی دور
تخت پر بیٹھا جو یہ دوسرا حسب دستور
پھر اسی طرح ہوا قہر الٰہی کا ظہور
خوف سے سینوں میں ہلنے جو لگے دل بھاگے
توبہ کرتے ہوئے سب صاحب محفل بھاگے

۵۳۲

قیصر روم گیا قصر میں لیکن غمگین
انتظامات جو برہم ہوئے ٹوٹے آئین
ہر طرف چرچے تھے دو بار کے ہنگامے قرین
میں بھی خاموش تھی رنجیدہ و مغموم و حزین
نیم شب یہ واردات نمودار ہوئی
مجھ کو نیند آ گئی قسمت مری بیدار ہوئی

۵۳۳

خواب میں دیکھتی کیا ہوں کہ ہے اک بزم سرور
جس جگہ تخت رکھا تھا ہے وہاں منبر نور
آئے ہیں حضرت عیسیٰؑ بھی خوشی کا ہے وفور
بیٹھے ہیں سامنے شمعونؑ حواری مسرور
ناگہاں پردہ در اٹھا پیمبرؐ آئے
اور معصومؑ بھی ایوان کے اندر آئے

۵۳۴

پیشوائی کے لیے دوڑے جناب عیسیٰؑ
ہر طرف شور اٹھا صل علیٰ صل علیٰ
التفات شہ مرسلؐ جو ہوا اور سوا
اپنے سینے سے مسیحا کو لگا کر یہ کہا
ہے تمنا مری شمعون سے قرابت ہو جائے
کر دو رشتہ کہ علاقۂ محبت ہو جائے

۵۳۵

عسکریؑ ہے مرا فرزند سعید ازلی
اور نواسی کی تمھارے ہے ملیکہ پوتی
شرف بخش ملائک ہے مرا بیٹا بھی
رشتہ بہتر ہے جو شمعون کی بھی ہو مرضی
نہیں اب یہ سخن میمنت انجام کہو
وہ تمھارے ہیں وصی اُن سے یہ پیغام کہو

۳۶

سنکے یہ مژدۂ جاں بخش مسیحاؑ نے کہا
آنکھوں سے آپکا ارشاد بجا لاؤنگا
بعد شمعون سے عیسیٰؑ یہ تقاضا کیا جائے
تری بی بیؑ کو ملی مسند پاک زہراؑ
ہو مبارک تجھے محبوب خدا سے پیوند
پارۂ دل کا تری آل عباؑ سے پیوند

۳۷

کہا شمعون نے دل سے ہمیں سب منظور
سنکے یہ خبر تبسم آئے سر قیصر پر نور
حجرۂ نوری میں شگفتہ ہوئے لب ہائے حضور
وہ پڑھا خطبہ کہ اعجاز سے جو تھا معمور
بس یہ پیغام مسرت کا پیمبرؐ نے دیا
عسکریؑ کی تجھے تزویج میں فرزند نے دیا

۳۸

تہنیت حضرت عیسیٰؑ نے دولہا کی ادا کر
اولیا بولے مبارک ہو ہو ہے سرور
سب ملک ہوئے خوش شاد جناب حیدرؑ
دی ملائک نے عقد کی ہر اک نے گواہی بڑھ کر
مصطفیٰؐ بولے کہ ہر عقد کا یہ ارشاد ہے
کہا جبرئیلؑ نے آکر کہ خدا شاہد ہے

۳۹

خواب یہ دیکھ کے بیدار ہوئی میں جس آن
میرے سینے سے تھے آثار مسرت کے عیاں
میرا جد قیصر رومی تھا عدوئے ایماں
سب سے میں نے رکھا خواب یہ پنہاں
صبر سے کام لیا عشق تھا کامل میرا
طبع مسرور تھی مجھ سے تھا مگر دل میرا

۴۰

رنج فرقت میں تھا شغل سوا رونے کے کچھ اور نہ تھا
مسکرانا تو کجا اب بھول گئے تھے گویا
تھا یہ درد و غم زرد ہوا تھا چہرا
خون دل پینے کو میں جاتی تھی کھانا کیسا
حجرہ میں بیٹھ کے منہ آنسوؤں سے دھو لیتی تھی
چھپ کے چپکے کبھی منہ ڈھانپ کے رو لیتی تھی

١٣٤١ه

نہ تو پوشاک بدلنے کا کبھی آیا خیال
دو قدم چلنا تھا مشکل یہ بڑھا اضمحلال

لگ گئی پیٹھ بچھونے سے یہ آخر ہوا حال
کہہ دیا بعض حکیموں نے کہ صحت ہے محال

نہ تو اعوان و اقارب کی دعا کام آئی
نہ طبیبوں کا تدارک نہ دوا کام آئی

١٣٤٢ه

جبکہ مایوس ہوا میری شفا سے قیصر
ایک دن وہ کے یہ کہنے لگا اے نور نظر

مجھ سے کہہ دل میں ترے کوئی تمنا ہو اگر
کہا میں نے کہ مجھے پاس ہے صحت سے مگر

جو مسلمان ہیں قید ان کی رہائی کر دے
شاید اللہ مری عقدہ کشائی کر دے

١٣٤٣ه

ان مسلمانوں کو آزاد کیا قیصر نے
کچھ سکوں پایا ادھر میرے دل مضطر نے

مجھ کو بشاش جو دیکھا پدر و مادر نے
تہنیت قیصر کو دی سارے گھر نے

چودہ راتیں اسی صورت سے گزاریں میں نے
زیست کی گھڑیاں مصیبت سے گزاریں میں نے

١٣٤٤ه

لگ گئی آنکھ مری خواب میں کیا دیکھا نگاہ
ایک خاتون نظر آئیں باصد عزت و جاہ

اور حضرت عیسیٰ بھی تھیں ان کے ہمراہ
مجھ سے مریمؑ نے کہا کیوں تری حالت ہے تباہ

ساعت نیک مقابلے نے دکھائی خوش ہو
یہی تقدیر تری راہ پر آئی خوش ہو

١٣٤٥ه

جنکا گھر عرش پہ ہے وہ ترے گھر آئی ہیں آج
یہ نبی کے والد ماجد کو ہوئی ہے معراج

چوم لے ان کے قدم بس یہی تیرا علاج
تیرے شوہر کی یہ دادی ہیں جہاں کی سرتاج

بس یہ سنتے ہی میں قدموں پہ گری جانے لگی میں
حال دل کہنے لگی اشکوں سے منہ دھونے لگی

٦٣م

[illegible]

٧٣م

[illegible]

٨٣م

[illegible]

٩٣م

[illegible]

٤٠م

[illegible]

۵۵۱

بُشر اتنا ہی نہیں بلکہ جو کچھ پیش آیا
جو محمدؐ نے مفصل مجھے سمجھایا تھا
راستے جب لشکر اسلام نے چھاپا مارا
فوج میری طرح گئی قصر قیصر بھی گیا
امن کی اور نہ کچھ دوسری پاکر صورت
گھر سے میں نکلی کنیزوں کی بنا کر صورت

۵۵۲

اُسی رستے سے چلی مجھکو جو بتلایا تھا
مختصر سا جو ملا لشکر اسلام اک جا
جان کر لونڈی مجھے سب نے گرفتار کیا
صبر کرتی رہی میں اور رہی اچھی طرح
شاہزادی نہ مجھے دختر قیصر سمجھے
بلکہ وہ لوگ کنیزوں سے بھی کمتر سمجھے

۵۵۳

بعض لوگوں نے یہ پوچھا کہ ترا نام ہے کیا
میں نے نرجس ہی کہا اُن سے [illegible]
بولے وہ لوگ ہے سب اسم کنیزوں کا سا
ہو نہ ہو لونڈی ہے یہ بھی نہیں شک و شبہ
رحمت حق پہ توکل مرا وہ ساز رہا
شکر صد شکر کہ پردہ مرا راز رہا

۵۵۴

بُشر نے سنکے یہ توقیر و ادب سے پوچھا
آپ رومی و فرنگی ہیں نہیں شبہ کی جا
پر زبان عربی پر بھی ہے قابو کتنا
اسکی کیا وجہ ہے فرمائیے یہ بات ہے کیا
بولی وہ قیصر رومی کی عزیز جاں تھی
باپ قربان رہا مجھپہ تصدق ماں تھی

۵۵۵

میری تعلیم میں قیصر نے نہ کی کوتاہی
ایک عورت عربیہ مری استانی تھی
اُس نے محنت سے پڑھایا مجھے علم عربی
اُسکے نکتوں سے کیا حصہ آگاہی دی
اب بھلا میرے تکلم میں دو رنگی کیسی
مجھکو تازی پہ بھی قدرت ہے فرنگی کیسی

۵۵۶

نہیں بات تو کوئی وہ شب ختم ہوئی آئی سحر
پڑھی دونوں نے نماز اور کیا سامان سفر
بُشر نے عرض کی دربار نبیؐ چل کر
حکم آقا کا بجا لایا یہ عبد جعفر
اہل دیں اہل ولا اہل تمیز آئی ہے
حسب ارشاد مبارک وہ کنیز آئی ہے

۵۵۷

گر پڑی پاس سے ہمایوں یہ وہ خاتون جھک کر
بولے ہنس کر دیکھا ہو گی دین کی کس طرح ظفر
نورِ حق چمکا مٹا خلق سے باطل کا اثر
عرض کی اس نے میں حیران ہوں خود اتنا سن کر
[illegible] کا دست آپ کا داماں مجھ کو
شہ کے صدقے میں ملی دولت ایماں مجھ کو

۵۵۸

بولے مولا کہ جو تو چاہے تو اے نیک نہاد
دس ہزار اشرفیاں بیچ کر اس میں آزاد
تیری مرضی ہو اگر میری بہو بن کے ہو شاد
میرے فرزند کا گھر ہو تیرا باعث آباد
شان میں عقد فرما سے بڑھا تھا تیرا عقد
یاد رہے احمد مرسلؐ نے پڑھا تھا تیرا عقد

۵۵۹

حق کو منظور رہے دو بطن سے ہو تیری پسر
دونوں عالم کا جو سلطان ہے تا محشر
دین اسلام کو روشن کرے وہ فلک قمر
خلق سے کفر کی ظلمت کو مٹائے یکسر
صاف صاف اب یہ بتا دیجیے ہو تجھ کو کیا منظور
عرض کی اس نے یہی مجھ کو ہے مولا منظور

۵۶۰

بولے حضرت کہ مرے لال کو تو جانتی ہے
عرض کی اُس نے کنیز آپ بھی پہچانتی ہے
وہ بھی مخدوم ہیں آقا کو نہیں یہ مانتی ہے
کب سے یہ خادم عالم کو ترے پہچانتی ہے
دل بیتاب کو تسکین دیئے جاتے تھے
میرے مولا مجھے خواب میں روز آتے تھے

۶۱ه

آئیں اتنے میں حکیمہ تو پکارے یہ عمر
عسکریؑ کی یہ دلہن ہے ہو مبارک تجھ پر
اسکو تعلیم کر دین کے عقائد یکسر
ہے لقب عمدۂ دین جسکا اسی کا ہے پسر
ہف نظر کیسے کہ پڑھیں نہ دعائیں پیہم
لیں حکیمہ نے محبت میں بلائیں پیہم

۶۲ه

تربیت کر چکیں نرجس کی حکیمہ جس آن
وہ ہوئیں لائق پہلوئے امام دو جہاں
زینت خانۂ عصمت ہوئیں خاتون زماں
لے کے خبر اب ہوئیں حسرت سے گیا ساماں
کہہ نبیؐ نے کہ سلامت رہیں آرام سے
بیٹے کا بیاہ ہوا خلعت و انعام ملے

۶۳ه

نصرت دین کا ترے لال کے ہے سر سہرا
گوہر صدق و صفا سے ہے منور سہرا
گوندھا ہے رشتۂ اسلام میں بکھر سہرا
لڑیاں ایمان کی راہیں ہیں تو جوہر سہرا
کیوں نہ ہر رنگ سے ہو اکرم و امجد سہرا
سر پہ جو باندھ گئے آ کے محمدؐ سہرا

۶۴ه

اپنے ساقی کو بھی دولھا چل کے بنا دکھا دی
فضل حق سے ترے دلبر کی ہوئی ہے شادی
تجھ سے میخانۂ اسلام کی ہے آبادی
رنگ کچھ تیرے لیے مے میں نیا ہو گا سا دی
پیئیں نجیب وجہ گلابی نہیں چاہی ساقی
آ رہی ہے مجھے پیر نے سمجھا ہی ساقی

۶۵ه

ساقیا نور ترا صلب خلیلؑ میں جو تھا
تب گلزار ہوئی آگ جلے گئی تر ہوا
لکڑیاں گئی تھیں کچھ جن شجروں کی یکجا
جل کے ہر چوب وہی نخل ہی ۱۱ مسجع
تھا صفا بھی تو خلیل اللہ کی سجادہ کا دوست
دوست کے تخت پہ بیٹھا تھا وہ اللہ کا دوست

۵ مبارک باد کے بدلے مبارک بادی عرض کیا اسکو میرا تصرف سمجھا جائے خبیر ۱۲

۵۶۶

ناگہاں ہو گئی اس درجہ برودت پیدا
دانت بجنے لگے جو ہر طرف ہر اک سو دیکھا
ہر طرف تخت کے تختۂ گل نرگس کا تھا
پھول نرگس کا تھا یا بلغ اللہ کی فضا
ہے اسی پھول کی دنیا میں بھی نکہت قائم
اور اسی کی ہے صحیفے میں محبت قائم

۵۶۷

ساقیا تیری گلی میں جو یہ بسنا ٹھہرا
کھل کے دیکھو تو ہوا یہی دل شیدا ٹھہرا
نور افروز ہر اک خاک کا ذرہ ٹھہرا
چشم بد دور مری آنکھ کا سرمہ ٹھہرا
کی زیارت بھی تری راہ طریقت بھی ملی
کہ بصارت بھی ملی اور بصیرت بھی ملی

۵۶۸

پھر غضب ہے مجھ کو نہیں توفیق جو میں پہنچ جائے
چشم مشتاق کا آنسو ٹپکے تو تر پہنچ جائے
حلقۂ سبحہ مری خاطر جو ترا در پہنچ جائے
آ جبیں ہم یہ نہ تقدیر سکندر پہنچ جائے
تیرے میخانے کو گر چشم بصیرت دیکھے
وہ بھی ہے میکش جو میخوار کی صورت دیکھے

۵۶۹

خلد سے مجھکو ہیں دوزخ کا سزاوار سہی
مجھکو آسان ہے گو سب کیلئے دشوار سہی
توبہ کرتا ہوں میں عاصی گنہگار سہی
بعد توبہ جو ہے ایسا ہی میخوار سہی
عمل بد نے مجھے خطرہ میں ڈالا ہی سہی
تیرا شیعہ نہ سہی چاہنے والا ہی سہی

۵۷۰

رہ چکی ہے جو مرے دل میں تمنائے گناہ
اب ترے ہاتھ سے قابل وہ نہیں خاطر خواہ
پر محبت تری وہ آگ ہے اے عرش پناہ
کہ جلا دیتی ہے عصیاں کو مثال خس و کاہ
تیرا عاشق ہوں نہیں، عاشق معصوم ہے تو
پاک کر مجھ کو گنہگار ہوں کہ معصوم ہے تو

۱ہ

مے کی بوندیں کبھی دیکھیں کبھی تارے دیکھے
لب ساغر کبھی کوثر کے کنارے دیکھے
موج نہیں بڑے ساقی کے اشارے دیکھے
کیف بادہ ہی میں پینے کے سہارے دیکھے
جاں کنی میں بھی ہے ساقی حق آگاہ کی یاد
لب پہ ہے نام علیؑ دل میں ہے اللہ کی یاد

۲ہ

میرے ساقی کا سر دوش گزر ہے کہ نہیں
جب گزر ہے تو مرے دل کی خبر ہے کہ نہیں
جب خبر ہے تو محبت کی نظر ہے کہ نہیں
جب نظر ہے تو نظر فیض اثر ہے کہ نہیں
جب اثر ہے تو محبت کی جزا ہے کہ نہیں
جب جزا ہے تو فنا میری بقا ہے کہ نہیں

۳ہ

الفت کا ہے مری خو غرض تمنا نہ سہی
دل کا سودا نہ سہی جان کا سودا نہ سہی
میں نے تکلیف تجھے ہجر میں کیا کیا نہ سہی
نہ سہی باب حرم اب در میخانہ سہی
تیرا بیمار جو تھا کعبہ کے رستے میں پھرا
مر چکا تھا مگر اللہ کے گھر سے میں پھرا

۴ہ

در میخانہ پہ مے کش کا ہے ڈیرا ساقی
گردش چرخ نے مجھ کو نہیں گھیرا ساقی
میں کسی در پہ گیا در تھا جو تیرا ساقی
جس طرح سامنے کا آج ہے پھیرا ساقی
نقوی باغ کی دیکھی جو نزاکت میں نے
نظم کی عسکری پاک کی مدحت میں نے

۵ہ

مسند آرائے امامت ہوا جب شہ دیں پناہ
ان دنوں تخت حکومت پہ تھا معتمد باللہ
سنگدل دشمن اولاد پیمبر گمراہ
ان ہزاروں کا بزرگوں کی طرح سے بدخواہ
اس کے پہلے جو ہوئے وہ بھی یہیں تھے دشمن
بعد کو بھی جو ہوئے صاحب کیں تھے دشمن

۷۶

باپ کی زیست میں بھی شاہ اُٹھاتے تھے غم
گر نظر بند ہے گھر میں کبھی قید ستم
مستعین ستم آرا کا یہ ہے حال رقم
کہ پڑھا لکھا تھا مشہور تھا وہ اہل قلم
علم تاریخ کا ماہر تھا وہ سنجیدہ تھا
قدر داں اہل بصیرت کا تھا فہمیدہ تھا

۷۷

تھا گر آلِ نبیؐ کے لیے یہ حال اُس کا
حسد و بغض کی آتش سے جلا کرتا تھا
فکر یہی تھی ہو کچھ ایسا طریقہ پیدا
کٹے خلق سے اولادِ رسولؐ دوسرا
ستم و جور کی گویا تھا نشانی ظالم
عسکریؑ کا تو وہ تھا دشمن جانی ظالم

۷۸

مستعین نے لیا تھا مول فرس کف خونخوار
دیکھنے میں تو حسین ایسا کہ پریاں بھی نثار
مگر اک عادتِ بد یہ بھی کہ بیٹھے جو سوار
ٹاپوں سے روند کے ٹکڑے کرے مانند غبار
جو قریب آ گیا مغموم و حزیں اُس نے کیا
کتنوں کو مار کے پیوند زمیں اُس نے کیا

۷۹

مستعیں سے کسی ظالم نے کیا یہ اظہار
سرکشی کے سبب اب ہے یہ بالکل بیکار
کھائی ہر ایک نے چوٹ ایسا ہے سرکش رہوار
عسکریؑ تو بلا کے بنتے ہیں وہ شاہ سوار
توسن اُن کو جو دیتا وہی دیکھا یہ فرس
مجھے امید ہے چوٹ اُن کو بھی دیگا یہ فرس

۸۰

بولا سفاک کہ ہے رائے نہایت بہتر
کر دی بھیجے گئے لے کے اُسے شہ جن و بشر
پھر ایوان میں داخل ہو جو وہ جانِ حیدرؑ
در خانہ پہ کھڑا تھا وہ فرس زشت سیر
سر پہ شفقت سے ہی پٹھے پہ رکھا ہاتھ اپنا
اب تو بس بھول گیا کھیل وہ بدذات اپنا

۱ه

بہر تعظیم اُٹھا حاکم بھی جو کہ رستم
بولا صد مرحبا اچھے ہیں مزاجِ اعلیٰ
شہ نے فرمایا کہ ہے شکرِ خدائے یکتا
کہا سرکار نے یہ اسپ حسیں بھی دیکھا
خدمتِ پاک میں اب عرض یہی ہے آری
دیجئے اسکو لگام آپ خوشی ہے میری

۲ه

شہ نے دی منھ میں لگام اور چلے تو وہ نہیں
عرض کی اُسنے ذرا زین بھی کس دیں شہِ دیں
آپ نے زین کسا آ گئے پھر اُسکے قریں
دل میں کٹ کٹ گئے اربابِ ستم باغی کیں
بولا وہ ہوں تو ذرا اسپ پہ آپ سوار
کہا مولا نے کہ اچھا ہو سبک چاپ سوار

۳ه

وہی گھوڑا جو بہت تند منش تھا مشہور
شہ کے قابو میں رہا کچھ نہ کیا اس نے فتور
نرم رو وہ جو قدم رکھے سرِ عارضِ حور
تو وہ سمجھے کہ مرے رخ کا سوا ہو گیا نور
تیز دوڑے تو نظر آیا پری کی صورت
کبھی آہستہ نسیمِ سحری کی صورت

۴ه

تازیانے کی نہ مہمیز کی حاجت تھی اُسے
اپنے مالک کے اشارے کی ضرورت تھی اُسے
دلبرِ صاحبِ دل سے محبت تھی اُسے
خدمتِ سیدِ کونین سے عزت تھی اُسے
کسی صورت نہ وہ حیوان نظر آتا تھا
تربیت یافتہ انسان نظر آتا تھا

۵ه

اُترا جب پشتِ فرس سے وہ امامِ ابرار
سب کے منھ اُترے خجل دل میں ہوئے بدکردار
پوچھا حاکم نے نظر آیا یہ کیسا رہوار
شہ نے فرمایا کہ شائستہ بہت خوش رفتار
خوبصورت ہے پری سے فلک پیما ہے
یہ فلاں شخص کو دیکر کے ذرا پھیلے ہے

۵۸۶

عرض کی سُن کے یہی شخص کا تھا یہ مطلب
امتحان آپکا بیجا ہے ہلاکت کا سبب
بجز محمدؐ کے نزدیک یہی ہے اب
آپ جا سکتے ہیں میں رہا ہوں تیرے لئے اب
شہ نے منظور کیا لے لیا ہنس کر وہ فرس
گیا سائیں لئے آپ کے گھر پہ وہ فرس

۵۸۷

جانور تک تھے مطیع شہ عالی درجات
اُنکے دشمن جو تھے حیوان سے تھے بدتر ہیہات
مالک تخت تھا صاحب معجزات صفات
آئی گرداب ہلاکت میں یہ کشتی نجات
قید بھی ظلم بھی ذلت بھی گرفتاری بھی
ساتھ ہی ساتھ ہمہ وقت دل آزاری بھی

۵۸۸

گرمیٔ جاری رہا دیکھ کے ہدایت بھی دائم
ہٹ نہ سکتے تھے یہ اسلام کے ہر روز کے کام
ایک بار ایسا پڑا قحط کہ تھا تشنہ عوام
عام کا ذکر ہے کیا خاص کا تھا کام تمام
نہ رہی چشمہ و دریا میں روانی باقی
رہا جھیلوں میں نہ تالابوں میں پانی باقی

۵۸۹

اسی عالم میں وہاں آ گیا کوئی نصرانی
ہاتھ اٹھاتا تو برس جاتا فلک سے پانی
کہ مسیحیوں نے کہا ہے اثر روحانی
کون تھا جسنے نہیں اسکی کرامت مانی
معتقد ہو گئے سب اُسکو تھا یہ کام پسند
منحرف ہونے لگے اسلام سے اسلام پسند

۵۹۰

ایک عالم میں سبھی ہو گئی شہرت یہ بپا
خاص لوگوں میں بھی شبہے نے لگا رکھی جا
کوئی اعجاز کا قائل ہوا دیں سے بھٹکا
حاکم وقت بھی یہ دیکھ کے بہت حیران تھا
بولا کچھ بن نہیں پڑتی ہے موسیٰ کو بلوا دو
بہر امداد جگر بند نبیؐ کو بلوا دو

۹۱

شہ کے اصحاب جو تھے قید کیا اُنکو رہا
آ کے دربار میں حاکم کے امامِ والا
کہا پیر فن نے ہر اک جھوٹا بڑا
سب کے شک دفع ہیں کیسے ہو یہ بافضل خدا
آ کے اک دشت میں سب خرد و کلاں جمع ہوئے
دوست دشمن بھی اک ساتھ وہاں جمع ہوئے

۹۲

ہاتھ راہب نے بھی اور شیخ نے کئے جب بہر دعا
جھوٹ موٹ اپنے لبوں کو حرکت دیتا تھا
دفعتہً جھوم کے ہر سمت سے بادل اُٹھا
بس کہ شہ ہاتھ پہ جو رکھے ہوئے تھے لو زرا
تھی اک ہاتھ پہ رکھے تھا وہ چھینا اسکو
پانی کیا آ گیا خفت سے پسینہ اسکو

۹۳

استخواں لیکے کہا اُس سے کہ اب تو دعا
ہاتھ اُٹھائے تھے کہ وہ چھٹ گیا بادل
حاکمِ وقت نے پوچھا کہ یہ تھا وہ کیا
مصلحت نام بتانے کی نہ تھی شہ نے کہا
خاصیت جو وہ خاصہ اُسکی ہے
کہ یہ ہڈی کسی پیغمبر ذیجاہ کی ہے

۹۴

بے کفن ہڈی نبی کی جو ہے زیرِ سما
بھی آشکار ہوا کرتے ہیں مینہ پیدا
امتحاں اسکا جو حاکم نے کئی بار کیا
سب کے شک دور ہوئے اور بچا دینِ خدا
شہ نے وہ فاصلہ قوم کی ہڈی فنا کی
تھے جو معصوم تو معصوم کی ہڈی فنا کی

۹۵

بعد قبلۂ عالم نے پڑھی اُٹھ کے نماز
اور دعا میں ہوئے مصروف باخلاص و نیاز
لگے اُٹھنے تو لگے کہنے یہ سلطانِ حجاز
لوگ گھبرائیں نہ بالکل کریں عیش و اقدس راز
یہ وہاں سے گا بادل یہ یہاں سے گا
آخری ابر کو فرمایا یہاں برسے گا

٩٩٦

لوگ واپس ہوئے سب اپنے گھروں کو مسرور
اپنی منزل پہ چلا آیا وہ اللہ کا نور
پھر گئے دشت و جبل پہ ہوا بارش کافور
کھل گیا معجزہ جو بھی تھا کیفیت و دور
سب جگہ بندۂ پیمبر کو دعا دینے لگے
دلبر ساقیٔ کوثر کو دعا دینے لگے

٩٩٧

ایک نکتہ ہے یہاں غور کے قابل حضرت
بڑی معصوم کی جب آ گئی معصوم کے ہات
خود ہی دفنائی کہ عصمت کے منافی نہ ہو بات
کیا غضب ہے جو کہیں بعض مسلماں یہ بات
جب نہ میدان سے اٹھی تھی مظلوم کی لاش
غیر معصوم نے دفنائی تھی معصوم کی لاش

٩٩٨

ہے غلط جو یہ کہے اصل یہی ہے جھگڑا
دفن کی عابدؑ بیمار نے لاش مولا
یہی پہلے بھی یہی بعد بھی دستور رہا
کیا معصوم نے معصوم کا مدفن لاشا
دفن حیدرؑ نے کیا حضرت پیغمبرؐ کو
اور سبطین نے تربت میں رکھا حیدرؑ کو

٩٩٩

ایک کے بعد امامؑ ایک یہی کرتا رہا
عسکریؑ نے کیا مدفون نقیؑ کا لاشا
بارھویں ہادیٔ دیں نے بھی غسل دیا تھا
اے قلم ابھی باقی ہے فسانہ غم کا
چاہتا ہوں کہوں رکتی زبان ہے
عسکریؑ کا عمر گئے دنیا سے ستم سہتے ہوئے

١٠٠٠

قید بھی قید ہے کہ ہمراہ بھی تنہائی بھی
ضعف پیری بانوں پہ قدغن تھا دم گھٹتی بھی
راہ پر چارۂ تدبیر کی مسدود رہی
نہ ملی آپ کو ایک کبھی اعانت کوئی
اور اضافہ کیا بے کسی کی پریشانی میں
معتمد نے رکھی خود اپنی نگہبانی میں

انلہ

گوشۂ قصر میں تھا ایک نہ حجرا
جسمیں روزن بھی نہیں تھا کوئی آنکھ سوا
نہ تو دھوپ آتی تھی جسمیں نہ آتی تھی ہوا
حیف صد حیف ہیں مخزن ایمان کو رکھا
غم فقط سید مظلوم کے ہمراہ رہا
دو برس تک یہی نذرہ میں وہ شاہ رہا

سنلہ

فرقت اہل و عیال اپنے محبوں کا خیال
اتنا لاغر ہوا تھا وہ قفس میں کئی سال
جیسے بالا سے فلک ہے شب اول کا ہلال
ابھی جوانی کا نہ گزرا تھا ہوا ضعف سے حال
اس طرح آپ کے حصہ میں اسیری آئی
ابھی چوبیس برس کے تھے کہ پیری آئی

سنلہ

صرف چھ سال رہے بعد نقی زندہ حضور
ایک دن بھی دم میں ہوا بیکس کو سرور
یاں وفتی جو رہائی بھی تو کب تھا مقدور
کہ کسی دوست سے مل بھی سکیں سلطان غیور
رات دن ہمہ تن ایمان نگراں رہتے تھے
گھر میں بھی ناامات کے عیاں رہتے تھے

سنلہ

جتنا بھی وقت ملا دوستوں کا کام کیا
دین کی تبلیغ بھی کرتے رہے سلطان ہدا
دشمنوں کا نہ تو شکوہ نہ شکایت نہ گلا
پھر بھی اُن حاسدوں پر بار تھا شہ کا جینا
دشمن جاں بنے تھے وہ جان و جگر زہرا کے
معتمد نے دیا زہر آپکو موقع پا کے

سنلہ

بزور ملا رہ جو طریقہ رہا عباسیوں کا
زہر خود دینا پھر الزام سے بچتے رہنا
معتمد نے بھی کی وہ رسم قدیم ادا
غرض جس وقت ابھی حالت شاہ والا
کئے بہر دوائیں کے لوگوں سے کہلا بھیجے
سب کے دکھلانے کو غلام نے اطبا بھیجے

وله

[illegible]

وله

[illegible]

وله

[illegible]

وله

[illegible]

وله

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۰۶

تھی یہ انفس کی نہ دیکھیں رباب بعض
سب ہی دین کا ہادی کہ بھی عملی دیں
پردہ راز میں چھپ جائیگا حق کا یقیں
یاد رکھو یہ رخ و چشم و گیسو و جبیں
حامی دین الہی اب بہت جلد کی طرح
نام بھی اسکا محمد ہے محمد کی طرح

۱۰۷

یہ نمونہ ہے تب قتل ہوئے شاہ ہدا
حاکم وقت نے ہر طرح کا سامان کیا
حرمت و عزت و توقیر سے اٹھا ڈالا
غیر بھی ساتھ بہت سے تھے کہ ہم رسم عزا
کوئی سرگرم فغاں تھا تو پریشاں کوئی
ننگے سر تھا کوئی اور چاک گریباں کوئی

۱۰۸

معتمد گرچہ مخالف تھا یہ سب دیکھا کیا
کہ نہ امیر یہ سے مسلماں وہ کیسے بچا
نہ حمیت نہ مروت نہ شرافت رہا
رہا بے غسل و کفن لاش شاہ شہدا
حشر ڈھانے تھے وہ ظلم کے بانی کیسا
پانی پینے نہ دیا غسل کو پانی کیسا

۱۰۹

جب گرا زیر فرس دوش پیمبر کا سوار
قتل کرنے کے لیے دوڑے ستمگر خونخوار
روتا پھرتا تھا امام عصر کا رہوار
ٹھوکریں مار کے کرتا تھا عدو کو فی النار
بڑی فوج میں بھگدڑ ستم آرا بھاگے
دیکھ کر گھوڑے کے غصہ کو سب اعدا بھاگے

۱۱۰

دور سے تیر چلانے لگے ارباب دغا
پیر سعد نے خیمہ سے یہ منظر دیکھا
چیخا کیا کرتے ہو تم ہو قیامت برپا
غافلو بانی اسلام کا یہ ہے گھوڑا
پیچھا اسکا نہ کرو اسکی صورت لازم
منکے دیدار کی ہے عزت و حرمت لازم

۱۲۱

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۱۲۲

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۱۲۳

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۱۲۴

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

تاریخ ختم تصنیف مرثیہ ہذا

۲۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۷۳ھ

گلستانِ خیبر

۱۳۷۳

مرثیہ ۱۴

ساقی بہار آئی ہے رحمت لئے ہوئے

مشتمل بمدح امام عصرؑ

واستغاثہ جناب معصومہؑ

بند ۶۷

مصنفہ سید فرزند حسین رضوی خبیر لکھنوی

مطبوعہ نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

زیارت حضرت صاحب الامر

باسمہ

اَللّٰھُمَّ بَلِّغْ مَوْلَایَ صَاحِبَ الزَّمَانِ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ
عَنْ جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَ
مَغَارِبِھَا وَبَرِّھَا وَبَحْرِھَا وَسَھْلِھَا وَجَبَلِھَا وَحَیِّھِمْ وَ
مَیِّتِھِمْ وَعَنْ وَالِدَیَّ وَوُلْدِیْ وَعَنِّیْ مِنَ الصَّلَوَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ
زِنَۃَ عَرْشِ اللّٰہِ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ وَمُنْتَہٰی رِضَاہُ وَعَدَدَ مَا اَحْصَاہُ
کِتَابُہٗ وَاَحَاطَ بِہٖ عِلْمُہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُجَدِّدُ لَہٗ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَفِیْ کُلِّ
یَوْمٍ عَھْدًا وَعَقْدًا وَبَیْعَۃً لَہٗ فِیْ رَقَبَتِیْ اَللّٰھُمَّ کَمَا شَرَّفْتَنِیْ بِھٰذَا
التَّشْرِیْفِ وَفَضَّلْتَنِیْ بِھٰذِہِ الْفَضِیْلَۃِ وَخَصَصْتَنِیْ بِھٰذِہِ النِّعْمَۃِ
فَصَلِّ عَلٰی مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ صَاحِبِ الزَّمَانِ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَنْصَارِہٖ
وَاَشْیَاعِہٖ وَالذَّابِّیْنَ عَنْہُ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُسْتَشْھَدِیْنَ بَیْنَ یَدَیْہِ
طَائِعًا غَیْرَ مُکْرَہٍ فِی الصَّفِّ الَّذِیْ نَعَتَّ اَھْلَہٗ فِیْ کِتَابِکَ فَقُلْتَ
صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ عَلٰی طَاعَتِکَ وَطَاعَۃِ رَسُوْلِکَ
وَاٰلِہٖ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ بَیْعَۃٌ لَہٗ فِیْ عُنُقِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ

تاریخ ولادت باسعادت ۱۵ر ماہ شعبان سنہ ۲۵۶ھ

قائم آل عبا ۲۵۵/۲۵۶ھ

۴۸۶

۵۱

ساقی بہار آئی ہے رحمت لیے ہوئے
موج نسیم گلشن رجعت لیے ہوئے
نقش و نگار پردہ غیبت لیے ہوئے
دامن میں آفتاب امامت لیے ہوئے
ہیں سو بسجدہ اہل ارادت قدم قدم
آنکھیں بچھا رہی ہے قیامت قدم قدم

۵۲

بلبل ہے نغمہ زن گل و ریحاں کو دیکھ کر
گل ہنستے ہیں بہار گلستاں کو دیکھ کر
لالہ ہے رنگ پر رخ جاناں کو دیکھ کر
تازہ ہے باغ دیں گل ایماں کو دیکھ کر
نرگس امیدواری نور بصر میں ہے
نور نگاہ نرجس خاتوں نظر میں ہے

۵۳

ہر برگ گل میں حسن نمو سے بہار ہے
قدرت کا رنگ غازہ روئے بہار ہے
دوش صبا پہ جام و سبو سے بہار ہے
صحرا میں بھی روانی جو سے بہار ہے
پتے شجر شجر کے تو شبنم نے دھوئے ہیں
سنبل نے اپنے بالوں میں موتی پروئے ہیں

۵۴

بلبل کو اب گلوں سے نہیں شکوۂ جور
وہ بے رخی گل کی نہ چمن کی ہوا ہے اور
سرو سہی کے رنگ پہ قمریوں کا غرور
سبزے میں تاب ہو نہیں بیگانگی کے طور
یہ جنت آفریں ہے دعائے ہزار ہے
وہ دم بہت کہ جب کے قدم سے بہار ہو

۵۵

پانی ہے آج نرگس بیمار سے شفا
مضمون نسیم ہو گئی قرآن کی صبا
لکھا ہے ہر ورق گل پہ جا بجا
باطل کا رنگ جلوۂ حق نے مٹا دیا
اک قصہ ہے کہ دفتر اسرار دیکھ لو
قدرت کے ہاتھ کا خط گلزار دیکھ لو

٥٦

شاخوں میں کھل رہے ہیں جو ہر رنگ کے پھول
رونق فزائے دامنِ فصلِ بہار پھول
رضواں نے ایسے پائے کہاں عطر بار پھول
ایک ایک پھول پر ہیں نچھاور ہزار پھول
باغِ نبیؐ کا پھول جو پایا زمین پر
جنت کا نور سیر کو آیا زمین پر

٥٧

تارِ نگاہِ شوق کا پہنے ہیں ہار پھول
نازک ہیں ایسے اُس کو سمجھتے ہیں بار پھول
شاخوں سے ٹوٹ کر جو گرے بار بار پھول
سبزے پہ لاکھ رنگ کے چمکے ہزار پھول
روشن ہر ایک سرخ ہے فانوس کی طرح
صحنِ چمن ہے شہپرِ طاؤس کی طرح

٥٨

کلیاں وہ غرقِ عطر مہکتے ہوئے وہ پھول
شبنم کی مے سے بھر کے چھلکتے ہوئے وہ پھول
گلشن کا وہ فروغ چمکتے ہوئے وہ پھول
نظارہ سوزِ حسن دہکتے ہوئے وہ پھول
لالے کے دل میں سوزِ دروں جاگزیں رہا
ٹھنڈی ہواؤں میں بھی مزاج آتشیں رہا

٥٩

کھل کر تبرکات ہوئے حق پسند پھول
مس کر رہے ہیں اپنے پروں سے پرند پھول
ٹھہرے علاجِ دردِ دلِ مستمند پھول
بلبل نے رکھ لیے ہیں نشیمن میں چند پھول
دیکھا جو ربطِ بلبل و گل یوں جہان میں
سوسن نے بڑھ کے کہہ دیا لالے کے کان میں

٦٠

کہتی ہے خود بہار خزاں سے بری ہیں پھول
مستِ شرابِ حبِّ علیؑ کوثری ہیں پھول
جوشِ ولا ابھرا ہوا ہے حیدری ہیں پھول
جوہر کٹائے مذہبِ حق جعفری ہیں پھول
دم بھرتے ہیں ریاضِ محمدؐ کے پھول کا
غنچے چٹک کے پڑھتے ہیں کلمہ رسولؐ کا

[illegible]

وله

ای دل بیلیکه عمر دکی کلکم ایر و
دنیه فوازاده چک غنچه اوزنلر
دوران سمی کیمی عیش ایله ک الا سی
دهنده ایچیلک غنچه زینو ستو ونی
ماهی کیبی کوزلر ایله بر غمی نی
اتصال کوزلر اننداسع ای ح

وله

ای ایستکلی ای ایچو اوز ساقیا
انده عطرسته عرب سرمن و دو ما
اول اجزات دبلیه اوزنداودو یا
سرسیم باده ازباکلرد ودساقیا
اوچ غلاری قلب ایتکسم دوی ای ح
انت ساقلی سعادتی از نیک ایح

وله

دیمه کلیکه صلاح عشق دوزان یایچ
دیمه کلیکه دینی الاالا سیاح
دیمه کلیکه دودو سلسلا سیاح
دیمه کلیکو هال و زال ساح
ایر غنی کلنکی اعو سا یلدی ح
مران ریه ی کو دی عمرا ک ح

وله

حسب نداله سرمن مشکل مفرح
جنتیمی غیرت اسلیلادو وسع بلا
تریح کهره ابچو ستر سعالو دو
پتنین اسکو اعالو ولادمع بلا
اسکار اسیلر ایتی یاق ارس
سیرو سلیس ایدنیج ح ای ح ح

وله

اسعونی ایشی انجو ایکی نسازنده یا
بیدایچو سکدا ا شیو ساحیا
نشاطو سیتعهده لکوز ساسیا
دکلسیتی ایچلو کلو انیا میچو ح
نیشیکا ایش عونی کی نایل ح

۵۲۱

موسیٰؑ ہیں اور مجھ میں ہے یہ فرق فخکار
علیؑ وہ بادہ کش تھے میں دنیٰ تر انجوار
عصمت کا جام پیتے تھے وہ بے قصوروار
وہ بھی مگر ہیں آتش تر کے تھے خواستگار
یہ سچ ہے میرے پاس پیمبرؐ کا دل نہیں
پھر بھی گدا نہ ہوگا کہ پتھر کا دل نہیں

۵۲۲

اشک آنکھوں میں بھرے ہیں غم و غم فروش سے
رویا میں اور ساتھ ہی ارماں نکل گئے
بیتاب کر رہے ہیں مجھے دل کے ولولے
فلک شفق کے جام میں شیشہ اُنڈیل دے
مجھ کو بھی وہم ہے کہ ہوں حق شناس پر
میں بھی ہوں رونے والا بہتّر کی پیاس پر

۵۲۳

سقائے اہلبیتِ پیمبرؐ کو روتا ہوں
سرور یا حضرتِ شبیرؑ کو روتا ہوں
نجی مراد بانوئے مضطر کو روتا ہوں
شش ماہہ بے زباں علی اصغرؑ کو روتا ہوں
آیا جو خون جوش میں آنسو ٹپک پڑے
پانی پیا تو آنکھوں کے ساغر چھلک پڑے

۵۲۴

صد شکر وہ زمانۂ رنج و الم گیا
فضلِ خدا سے دورِ جفا و ستم گیا
سینہ سے شہر نور جلا کے بتوں کا بھرم گیا
وحدانیت کا نقش ہر اک دل پہ جم گیا
اسلام کا مسئلہ جو ہے وہ ٹھیک ہے
منکر بھی کہہ رہے ہیں خدا لاشریک ہے

۵۲۵

ماسوا کسی کے بحر میں در در بھر گیا
نجر نگاہ شوق نے پردہ اٹھا دیا
ہے نورِ حق سے دیدۂ اسلام پر ضیا
طالع ہے مہر فخر فلک گھر علیؑ کا
مظہر وجود اکرم حق عدم میں نہاں ہوا
یعنی کمال جسم عیاں ہوا

۵۲۶

ابرو کشادہ چاند سا چہرہ جبیں بلند
حق بیں نگاہ آنکھوں کی گردش خدا پسند
جاں بخش لب مسیحؑ بھی جس پہ ہیں دردمند
یوسفؑ زنور چاہ زنخداں بحیرت اند
چہرے پہ خط بنے ہے تحریر نور کی
قرآن کے حاشیے پہ ہے تفسیر نور کی

۵۲۷

بر میں قبا خلیلؑ کی سر پر نبیؐ کا تاج
دیکھو سحاب رحمت حق کی بھلا ہے آج
خلق حسنؑ غضب میں حسینؑ وہ خوش مزاج
کاٹھی پہ ذوالفقار جو سرکشوں سے باج
عصمت گواہ ہے کہ یہ جان بتولؑ ہے
بالائے دوش چادر بنت رسولؐ ہے

۵۲۸

جو تھا حجاب غیب میں یہ وہ نشیں ہے
روشن ہے جس سے دین وہ شمع یقیں ہے
راز خدا ہے کون و مکاں کا امیں ہے
وہ رب عالمیں ہے تو رب زمیں ہے
باطل کے ہوش اڑ گئے تقدیر سو گئی
اصحاب کہف جاگ اٹھے صبح ہو گئی

۵۲۹

موجیں تڑپ کے کہتی ہیں تشریف لائیے
دریا سکوں پائے مصلّی بچھائیے
کعبے کا ہے بیان مری حرمت بڑھائیے
پیغمبروں کو شان امامت دکھائیے
ضو مہر کی تھی پشت رسولؐ حجاز میں
حضرت کی پشت پر موجودات نماز میں

۵۳۰

پرنور ہو سلسلہ وارث سلطانؑ کربلا
منھ پر ملے خاک یہ سائل کربلا
پیش نظر ہے منظر میدان کربلا
لائے گا رنگ خون شہیدان کربلا
شہرہ نہ کیوں ہو خلق میں اس کی حسام کا
خالق نے حق دیا ہو جسے انتقام کا

ایضا

[illegible]

ایضا

[illegible]

ایضا

[illegible]

ایضا

[illegible]

ایضا

[illegible]

بند ۶۶

جوہر بتا رہے ہیں عجب اتقا ہے
نخل ظفر کی شاخ جواہر نگار ہے
ہر رو اعدا کے دشت میں تیغ بکار ہے
باغ جہاد میں تیرے دم سے بہار ہے
دل پھنک گئے جو ہر نظر سرمئی بھی
پانی وہ جس سے کشت جراحت ہری ہوئی

بند ۶۷

وہ صاف صاف پھل ید بیضا کہیں جسے
وہ حسن برق طور کا جلوا کہیں جسے
وہ آب رشک گوہر یکتا کہیں جسے
وہ دھار بحر موت کا دھارا کہیں جسے
شق ہوا یہ موجۂ طوفاں کی موج کی
حائل کے واسطے یہی کشتی نوح ہے

بند ۶۸

یہ تیغ ہاتھ میں ہے عدالت کے واسطے
تیار ہے وہ حق کی حمایت کے واسطے
کعبے میں آ گئے جو عبادت کے واسطے
عیسیٰ فلک سے اتریں گے بیعت کے واسطے
روح الامیں ہیں کہینگے عنایت خدا نے کی
رجعت جہاں میں مرحج شاہ و گدا نے کی

بند ۶۹

کلمہ پڑھیں گے دل سے نئے جو آغاز جبرئیل
تیار ہوگی بارگہ وارث خلیل
مشتاق ہوں گے حاضر دربار جبرئیل
سب اردگرد ہیچ ہیں و سید جلیل
جبریل ہے کہ گویوں کا دستہ لیے ہوئے
میں ان بزرگوار کا بستہ لیے ہوئے

بند ۷۰

مقبل بھی اور ضمیر وزیر و انیس بھی
ونجیب بھی اور تشفی و روح و نفیس بھی
عارف بھی اور عروج و رفیع و رئیس بھی
مونس وحید انس رشید و جلیس بھی
دن فراست اپنا لیے شاہ دیں کے ساتھ
ہوگا خضر بھی مفصل بن یقین کے ساتھ

[illegible]

۳۴۶

وہ زیب زین نگاہ رسول خدا کا نور
اندھیاری منہ پہ طور پہ جس طرح برق طور
کھل جائے رخ ہوا سے تو سمجھیں فرشتہ ظہور
غرفے سے منہ نکالے ہوئے جیسے جناں میں حور
پیارا یہ راہوار ہے جان بتول کا
کیونکر نہ ہم نسب ہو براق رسول کا

۳۴۷

رگ رگ سے عیاں حسن نزاکت کو دیکھئے
راکب کا ہے فدائی اصالت کو دیکھئے
شوخی کو دیکھئے نہ شرارت کو دیکھئے
قدرت خدا کی دیکھئے طاقت کو دیکھئے
انساں کیا سمجھ سکے جو اسکی شان ہے
بالائے پشت گیارہ اماموں کی جان ہے

۳۴۸

بیٹھے ہوئے فرس پہ بقصد جہاد و انتقام
اعدا سے یوں جہاد کریں گے شہ انام
داہنی طرف کو حضرت جبریل نیکنام
بائیں طرف حضور کے میکائیل شادکام
غل ہوگا حشر آگیا فتنہ فرو ہوا
منہ پر پڑا جو منکر توحید دو ہوا

۳۴۹

کفار کی زبان کو ہوگا کہیں مفر
پنہاں جو ہونگے گوہ میں جلا دینگے حجر
دشمن یہاں ہیں کم لیے یا شاہ بحر و بر
تلوار سے اڑا لیے ان کا جو نکلے سر
پتھر کے منافق و مہجور دشت میں
پتھر گواہ ہیں کہ یہ سب بت پرست ہیں

۳۵۰

روز ظہور سے جو شام ہیں آئیں گے شاہ دیں
سمٹے گا فوج لیکے بن عتبہ لعیں
پیاسا کریں گے جس جا خود سر کو مومنیں
نکلے گی ضرب تیغ سے آواز آفریں
سردار مومنیں کے قدم چوم چوم کے
مومن اڑا دینگے منکر و لات جھوم جھوم کے

۵۱

پھر اپنی تیغ تول کے سیف خدا آگئی جہاں
حملہ کر گیا فوج پہ با صد شکوہ و شاں
لشکر پہ یوں چلے گی وہ شمشیر و زباں
جس طرح کوند کوند کے گرتی ہیں بجلیاں
اک حملے میں حضور یہ قدرت دکھا گئے
ستر ہزار مر کے جہنم میں جا گئے

۵۲

بعد اسکے ہاتھ روک لیں گے سلطان دوسرا
زہراؑ زبان حال سے کہنے لگی یہ تب صدا
ایسی ہوا جہاں میں چلی وا مصیبتا
پامال جس نے باغ نبیؐ و علیؑ کیا
مجھ غمزدہ کا دل غم و حرماں سے بھر دیا
ان دشمنوں نے گھر مرا برباد کر دیا

۵۳

بیعت ظلم و جور پہ تیار تھے لعیں
دنیا ادھر تھی میری طرف چند اہل دیں
از بس تھا جو رعب شہنشاہ مومنیں
اسواسطے خلاف ہوئے اور اہل کیں
آخر کو سجدے میں سر عالی ہوا شہید
مسجد میں ہے خدا مرا والی ہوا شہید

۵۴

قتل علیؑ پہ ظالموں نے کی نہ اکتفا
پھر شہؑ سے صلح کرکے ستمگر نے کی دغا
بچّے کو میرے زہر کا پانی پلا دیا
مارے گئے جنازے پہ پھر ناوک جفا
اسوقت کیوں صرف بکا و فغاں ہو نہیں
لاشے پہ جسکے تیر چلے اسکی ماں ہو نہیں

۵۵

رستہ دیا نہ گھر میں محمدؐ کے دل کے چین کو
مہمان دشمنوں نے بلایا حسینؑ کو
محصور کرکے بن میں محمدؐ کے نور عین کو
کاٹا ماریا ضمن فاتح بدر و حنین کو
سب کشتگان نیزہ و خنجر کے داغ ہیں
زہراؑ ایک دل ہیں بہتّر کے داغ ہیں

وله

[illegible]

وله

[illegible]

وله

[illegible]

وله

[illegible]

۶۱ھ

بچے مرے جو بھوک کی شدت سے تھے تباہ
صدقے کے خرمے پھینکتے تھے منہ زرو سیاہ
کلثومؑ رو کے کہتی تھی اُس دم باشک و آہ
سادات پر حرام ہے صدقہ خدا گواہ
ہم ایسے پردہ دار ہیں اپنے کمی نہیں
تم لوگوں کے خیام میں ہم فاطمی نہیں

۶۲ھ

جس کوفہ میں علیؑ کی حکومت تھی پیشتر
ذریت حسینؑ وہاں آئی ننگے سر
خوش خوش گروہ اہل تماشا ادھر اُدھر
رنگیں لباس جسم میں سر پر کلاہ زر
سادات کے اسیر بنانے کی عید تھی
اولاد مصطفٰےؐ کے مٹانے کی عید تھی

۶۳ھ

ابن زیاد بزم میں مصروف میکشی
کرسی کے نیچے فرق جگر گوشۂ علیؑ
عبرت کا بنتی تھی وہاں عترت نبیؐ
نامحرموں میں آئی جو قیدی بنی ہوئی
وہ حسرت و الم، وہ محن وا مصیبتا
بارہ گلے اور ایک رسن وا مصیبتا

۶۴ھ

کوفہ سے اہلبیت نبیؐ شام میں جو آئے
سر بے ردا تھے بالوں سے منہ اپنے تھے چھپائے
جس وقت کی گذر گئی زینبؑ کے دل پہ ہائے
خالق کسی غیور کو منظر نہ وہ دکھائے
برخواد ہو رہا تھا زمانہ رسولؐ کا
مجرم بنا کھڑا تھا گھرانا رسولؐ کا

۶۵ھ

بیٹھا ہوا تھا تخت حکومت پہ میر شام
رکھا ہوا تھا طشت طلا میں سر امامؑ
وہ ہونٹ لیتی تھی میں جنکی صبح و شام
وہ لب جو وا کرتے تھے پیغمبر انام
جو وقف تھے تلاوت قرآن کے واسطے
چوب یزید اُن لب و دنداں کے واسطے

١٦٦

[illegible]

١٦٧

[illegible]

تاریخ ختم تصنیف مرثیہ ہذا

۲۴ رجب ۱۳۴۴ھ

۲۰ - جنوری ۱۹۲۶ء

رباعی خلیفہ

علیؑ گل نرجسؑ کے ہیں بیماروں میں
سو جان سے یوسفؑ ہیں خریداروں میں
معصوم کو ہیں چاہنے والے معصوم
اک ہم ہیں محبت کے گنہگاروں میں

اللّٰھم صلّ علیٰ محمدٍ و آلِ محمد

تمام شد

قطعات تاریخ

مصنفہ جناب ریاض جرولی شاگرد حضرت تسنیم جرولی

ضیا بار ہم صورت بدرِ کامل گلستانِ خبیر سخنور کا اب ہے
ریاض اس لئے میں نے تاریخ لکھی یہ گلدستۂ نظم شمع ادب ہے
۱۹۵۶

دیگر

مصنفہ جناب سید خادم حسین صاحب عرف جناب بابو صاحب ضبط شاگرد حضرت خبیر

چھپ گیا وہ کلام اکسیر جس سے ثابت ہوا کمال خبیر
بہر تاریخ ضبط، فکر سے ہے کیا لکھ گلستان بے مثال خبیر
۱۹۵۶

دیگر

مصنفہ سید شاہد حسین صاحب شہیر برادرزادہ و شاگرد حضرت خبیر

طالبان کمال کہتے ہیں بدرِ کامل کے مرثیے ہیں خوب
میں نے تاریخ طبع لکھی شہیر کیا ریاضِ خبیر ہے مطلوب
۱۹۵۶

دیگر

مصنفہ مرزا محمد حیدر صاحب حیدر خواہرزادہ جناب خبیر منیجر کاظم اینڈ کو امین آباد لکھنؤ

نور کی روشن ہیں جو وہ مشعلیں بدرِ کامل کی ضیا ہے بے نظیر
میں نے اے حیدر لکھی تاریخ طبع شمع محفل ہے گلستانِ خبیر
۱۹۵۶

دیگر

مصنفہ سید ذاکر حسین صاحب ذاکر شاگرد حضرت خبیر

جب کلامِ خبیر طبع ہوا کہہ اٹھے سب کہ انتخاب ہے نظم
جب نے ذاکر لکھا یہ طبع کا سال کہ دل افروز لاجواب ہے نظم
۱۳۷۶ھ

دیگر

مصنفہ جناب قاری سید [illegible] صاحب [illegible] ساکن [illegible] محل لکھنؤ شاگرد حضرت خبیر

مرثیے جو نظم فرمائے مرے استاد نے ہیں وہ [illegible] بے نظیر
کر رقم اے [illegible] یہ تاریخ [illegible] باغ خبیر
۱۹۵۶

دیگر

قطعہ تاریخ مصنفہ جناب معزز شاگرد رشید حضرت خبیر

ضو فشاں ہو چاردہ معصوم کی توصیف سے — باغ تصیف خبیر بے عدیل و بے نظیر
لکھو معزز روشن و رنگیں طباعت کا یہ سال — جلوہ گر ہے بدر کامل با گلستانِ خبیر
١٩٥٦

دیگر

مصنفۂ جناب سید بادشاہ حسین صاحب تکمیل رضوی شاگرد حضرت خبیر

میرے اُستاد کا کلام چھپا — جس کا ممکن نہیں جہاں میں نظیر
فکر تاریخ گر ہے اے تکمیل — لکھو۔ ہے باغ بے عدیل خبیر
١٩٥٦

دیگر

مصنفہ جناب ماسٹر برکھو دیال صاحب فہیم شاگرد حضرت خبیر

ماننا پڑتا ہے کمال خبیر — بدر کامل کی دیکھ کر صورت
بہرِ تاریخ طبع لکھو فہیم — بوستان خبیر با برکت
١٩٥٦ء

دیگر

مصنفہ میجر آغا ذاکر حسین صاحب ذاکر ہوس ہولڈ کنٹرولر علیا حضرت ہر ہائنس دامت اقبالہا آف رامپور
برادر و شاگرد حضرت خبیر

بدر کامل کا دوسرا حصہ — چھپ گیا جب بفضل یزدانی
لکھا ذاکر نے مصرع تاریخ — ہے بیاض خبیر نورانی
١٩٥٠ء

دیگر

صاحب تصانیف کثیر جناب مرغوب مدظلہ العالی شاگرد حضرت خبیر

مزرعۂ آخرت ہے جب دنیا — رائگاں کیوں عمل ہو عامل کا
زندگی کارِ دیں میں صرف کرے — ہے یہ دنیا میں کام عاقل کا
کاوشوں کے ثمر جو دیتا ہے — شکر ہے اُس خدائے عادل کا
دوسرا اور اب ہوا مطبوع — کارنامہ خبیر فاضل کا

دیگر مصنفہ اعسکری حسین صاحب راشد شاگرد جناب خبیر

بدر کامل کی روشنی دیکھو — نقطہ نقطہ ہے نجم پرتنویر
بہر تاریخ طبع اے راشد — لکھو پُر نور ہے کلام خبیر
١٣٧٦ھ

[illegible] ١٣٧٦